أَعْتَرِفُ بِأَنَّنِي كُنْتُ مُخْطِئاً.	مجھے اعتراف ہے کہ میں غلطی پر تھا۔
مَاذَا تَعْنِي؟	آپ کا کیا مطلب ہے؟
مَاذَا يَقْصِدُوْنَ مِنْ ذٰلِكَ.	اس سے ان کی کیا مراد ہے۔
كُلُّ شَيْءٍ عَلَى مَا يُرَامُ.	سب کچھ ٹھیک ٹھاک ہے۔
هَلْ تَفْهَمُ مَا أُرِيْدُ.	کیا آپ سمجھ رہے ہیں کہ میں کیا چاہتا ہوں۔
لاَ قَدَّرَ اللّٰهُ.	خدانخواستہ۔
هٰذَا قَضَاءُ اللّٰهِ وَقَدَرُهُ.	یہ فیصلہ خداوندی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضَعْ ذٰلِکَ فِي الْحُسْبَانِ.	اس بات کو ذہن میں رکھئے۔
إِنَّنِي أُوَافِقُ عَلٰى إِقْتِرَاحِکَ.	میں آپ کی رائے سے متفق ہوں۔
بَارِدٌ کَالثَّلْجِ.	برف کی طرح ٹھنڈا۔
سَرِيْعٌ کَالْبَرْقِ.	بجلی کی طرح تیز۔
وَاضِحٌ کَفَلَقِ الصُّبْحِ.	صبح روشن کی طرح واضح۔
أَسْوَدُ کَالْفَحْمِ.	کوئلے کی طرح کالا۔
أَبْيَضُ کَالثَّلْجِ.	برف کی طرح سفید۔
أَرْخَصُ مِنَ التُّرَابِ.	مٹی سے سستا۔
أَصْفَرُ کَالزَّعْفَرَانِ.	زعفران کی طرح زرد۔

مَعَ الطَّبِيْبِ / ڈاکٹر کے پاس

کَيْفَ صِحَّتُکَ؟	آپ کی طبیعت کیسی ہے؟
صِحَّتِي لَيْسَتْ جَيِّدَةً.	میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔
مَاذَا أَصَابَکَ؟	آپ کو کیا ہوا؟
أَصَابَنِي بَرْدٌ.	مجھے سردی لگ گئی ہے۔
أَصَابَنِي سُعَالٌ.	مجھے کھانسی ہوگئی ہے۔
حَرَارَتِي مُرْتَفِعَةٌ.	میرا ٹمپریچر بڑھ رہا ہے، مجھے بخار ہے۔
أُعَانِي مِنَ الصُّدَاعِ الشَّدِيْدِ.	مجھے شدید دردِ سر کی شکایت ہے۔
إِنْصَحْنِي بِطَبِيْبٍ جَيِّدٍ.	مجھے کوئی اچھا ڈاکٹر بتایئے۔
أَنْصَحُکَ بِأَنْ تَذْهَبَ إِلَى الدُّکْتُوْرِ مُحَمَّد عَلِي.	میرا مشورہ ہے کہ آپ ڈاکٹر محمد علی کے پاس جایئے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَيْنَ عِيَادَتُهُ. ان کا مطب کہاں ہے؟

عِيَادَتُهُ بِالْقُرْبِ مِنْ بَيْتِنَا. ان کا مطب ہمارے گھر کے قریب ہے۔

إِنْتَظِرْ دَوْرَكَ فِي غُرْفَةِ الإِنْتِظَارِ. آپ ویٹنگ روم میں اپنی باری کا انتظار کیجئے۔

مِنْ فَضْلِكَ إِجْلِسْ. براہ کرم بیٹھ جایئے۔

مَاالْمُشْكِلَةُ؟ کیا تکلیف ہے؟

أَصَابَنِي بَرْدٌ شَدِيْدٌ. مجھے سخت نزلہ ہے۔

أَعِنْدَكَ صُدَاعٌ أَيضاً؟ کیا آپ کے سر میں درد بھی ہے؟

نَعَمْ : عِنْدِي صُدَاعٌ شَدِيْدٌ. جی ہاں، میرے سر میں شدید درد ہے۔

دَعْنِي أَفْحَصْكَ. لایئے میں آپ کو دیکھوں/ چیک کروں۔

هَلْ تُعَانِي مِنْ سُوْءِ الْهَضْمِ. کیا آپ کو بدہضمی کی شکایت ہے؟

نَعَمْ : أُعَانِي مِنْ سُوْءِ الْهَضْمِ وَ الأَلَمِ الشَّدِيْدِ فِي الْبَطْنِ. جی ہاں: مجھے بدہضمی اور پیٹ میں شدید درد کی شکایت ہے۔

هَلْ تَقَيَّأْتَ أَيْضاً؟ کیا آپ کو اُلٹی بھی ہوئی؟

نَعَمْ : تَقَيَّأْتُ. جی: اُلٹی ہوئی۔

كَمْ مَرَّةً تَقَيَّأْتَ ؟ کتنی مرتبہ اُلٹی ہوئی؟

هَلْ تُعَانِي مِنَ الإِمْسَاكِ؟ کیا آپ کو قبض کی شکایت ہے؟

نَعَمْ أُعَانِي مِنَ الإِمْسَاكِ. جی ہاں: مجھے قبض کی شکایت ہے۔

مُنْذُ مَتَي وَأَنْتَ تُعَانِي مِنَ الإِمْسَاكِ؟ آپ کو قبض کی شکایت کب سے ہے؟

أُعَانِي مِنْهُ مُنْذُ يَوْمَيْنِ. اس کی شکایت مجھے دو دن سے ہے۔

مُنْذُ مَتَى وَأَنْتَ تُعَانِي مِنَ الأَلَمِ فِي الْبَطْنِ؟ آپ کو پیٹ کے درد کی شکایت کب سے ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أُعَانِي مِنْ هٰذَا الأَلَمِ مِنَ الصَّبَاحِ.	یہ درد مجھے صبح سے ہو رہا ہے۔
هَلْ تَشْعُرُ بِمَرَارَةٍ فِي الْفَمِ؟	کیا آپ کو منہ میں کڑواہٹ محسوس ہو رہی ہے؟
نَعَمْ : أَشْعُرُ بِمَرَارَةٍ خَفِيْفَةٍ فِي الْفَمِ.	جی ہاں: منہ میں ہلکی سی کڑواہٹ محسوس ہو رہی ہے۔
إِرْفَعْ قَمِيصَكَ مِنْ فَضْلِكَ.	ذرا اپنا کرتا اوپر اٹھایئے۔
سَأَقِيْسُ دَرَجَةَ حَرَارَتِكَ.	میں آپ کا ٹمپریچر چیک کروں گا۔
ضَعْ مِيْزَانَ الْحَرَارَةِ تَحْتَ لِسَانِكَ.	تھرمامیٹر زبان کے نیچے رکھئے۔
إِنَّ دَرَجَةَ حَرَارَتِكَ مُرْتَفِعَةٌ.	آپ کا ٹمپریچر بڑھا ہوا ہے، آپکو بخار ہے۔
سَأَقِيْسُ ضَغْطَ دَمِكَ.	میں آپ کا بلڈ پریشر چیک کروں گا۔
إِنَّ ضَغْطَ الدَّمِ فِي حَالَةٍ طَبِيْعِيَّةٍ.	بلڈ پریشر نارمل ہے۔
سَأُعْطِيْكَ حُقْنَةً.	میں آپ کے انجکشن لگاؤں گا۔
عِنْدِي حَسَاسِيَّةٌ.	مجھے الرجی ہے۔
عِنْدِي إِلْتِهَابٌ فِي اللَّوْزَةِ.	میرے گلے میں سوزش ہے۔
عِنْدِي إِلْتِهَابٌ فِي الْمَثَانَةِ.	میرے مثانہ میں سوزش ہے۔
أَنَا مُصَابٌ بِمَرَضِ الْقَلْبِ.	میں دل کا مریض ہوں۔
يَجِبُ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى الْمُسْتَشْفٰى لِإِجْرَاءِ كَشْفٍ عَامٍّ.	آپ ہسپتال جا کر مکمل چیک اپ کرایئے۔
لَا يُوْجَدُ مَايَدْعُوْ إِلَى الْقَلَقِ.	گھبرانے کی کوئی بات نہیں ہے۔
سَأَصِفُ لَكَ دَوَاءً.	میں آپ کو دوا لکھ دیتا ہوں۔
عَلَيْكَ أَنْ تَشْتَرِيَ هٰذَا الدَّوَاءَ مِنَ الصَّيْدَلِيَّةِ.	آپ یہ دوا کیمسٹ کی دکان سے خرید لیجئے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَنَا حَامِلٌ.	میں حاملہ ہوں۔
هَلْ يُمْكِنُنِي السَّفَرُ.	کیا میں سفر کر سکتی ہوں؟
مَتَى تَتَوَقَّعِينَ الْوِلاَدَةَ؟	ولادت کب متوقع ہے؟
يَجِبُ أَلاَّ تُسَافِرِي.	آپ کو سفر نہیں کرنا چاہئے۔
مَا الدَّوَاءُ الَّذِي تَأْخُذِينَهُ؟	آپ کیا دوا لے رہی ہیں؟
أَكْتُبُ لَكِ دَوَاءً.	میں آپ کو ایک دوا لکھ دیتا ہوں۔
خُذِي هٰذَا الدَّوَاءَ يَوْمِيًّا.	یہ دوا روزانہ لیجئے۔
لا أَسْتَطِيعُ أَنْ أُحَرِّكَ يَدِي.	میں اپنا ہاتھ نہیں ہلا سکتا ہوں۔
إِنَّهُ يُؤْلِمُنِي.	اس میں درد ہوتا ہے۔
يَجِبُ عَلَيْكَ أَنْ تَعْمَلَ أَشِعَّةَ إِيْكس.	آپ ایکس رے کرائیے۔
أَنَا فِي حَالَةٍ عَصَبِيَّةٍ.	مجھے اعصابی بے چینی ہے۔
أُرِيْدُ حُبُوْباً مُنَوِّمَةً.	میں نیند آور گولیاں چاہتا ہوں۔
مِنْ فَضْلِكَ أُكْتُبْ لِي دَوَاءً مُسَكِّناً.	براہ کرم میرے لئے مُسکّن دوا لکھ دیجئے۔
أُعَانِي مِنْ إِجْهَادٍ عَصَبِيٍّ.	مجھے اعصابی تناؤ ہے۔
أَنْتَ مُحْتَاجٌ إِلَى رَاحَةٍ.	آپ کو آرام کی ضرورت ہے۔
مَا الأَقْرَاصُ الَّتِي تَتَنَاوَلُهَا؟	آپ کونسی گولیاں لیتے ہیں؟
كَمْ قُرْصًا تَتَنَاوَلُ فِي الْيَوْمِ؟	دن میں کتنی گولیاں لیتے ہیں؟
مَانَوْعُ هٰذَا الدَّوَاءِ؟	یہ کون سی قسم کی دوا ہے؟
كَمْ مَرَّةً فِي الْيَوْمِ يَجِبُ أَنْ أَتَنَاوَلَهُ؟	دن میں کتنی مرتبہ لوں؟
هَلْ أَبْتَلِعُهَا كَامِلَةً؟	کیا ان کو پوری نگل لوں؟
أَصِفُ لَكَ شَرْبَةً.	میں آپ کو ایک شربت لکھ دیتا ہوں۔
خُذْ مِلْعَقَةَ شَايٍ مِنْ هٰذِهِ الشَّرْبَةِ بَعْدَ كُلِّ ثَلاثِ سَاعَاتٍ.	ہر تین گھنٹہ کے بعد اس شربت میں سے ایک چائے کا چمچہ لے لیجئے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَخُذْ قُرْصَيْنِ مَعَ كُوْبِ مَاءٍ.	اور دو گولیاں ایک گلاس پانی کیساتھ لیجئے۔
خُذْ هٰذَا الْقُرْصَ مَرَّةً فِي الْيَوْمِ.	یہ گولی دن میں ایک مرتبہ لیجئے۔
قَبْلَ الطَّعَامِ.	کھانے سے پہلے۔
بَعْدَ الطَّعَامِ.	کھانے کے بعد۔
أَكْتُبُ لَكَ مُلَيِّناً.	میں آپ کو ایک ملیّن لکھ دیتا ہوں۔
خُذْ هٰذَا الْمُلَيِّنَ فِي اللَّيْلِ.	یہ ملیّن رات کو لے لیجئے۔
مَاذَا آخُذُ فِي الْأَكْلِ.	کھانے میں کیا لوں؟
خُذْ كُلَّ مَا تَشْتَهِيهِ.	جو آپ کو رغبت ہو وہ لیجئے۔

طَبِيْبُ أَسْنَانٍ / دانتوں کا ڈاکٹر

إِنْصَحْنِي بِطَبِيْبِ أَسْنَانٍ جَيِّدٍ.	کوئی اچھا دانتوں کا ڈاکٹر بتایئے۔
أُرِيْدُ مَوْعِداً مَعَ طَبِيْبِ أَسْنَانٍ.	میں دانتوں کے ڈاکٹر کے ساتھ وقت لینا چاہتا ہوں۔
أَلَا يُمْكِنُ الْحُصُوْلُ عَلَى الْمَوْعِدِ قَبْلَ ذٰلِكَ؟	کیا اس سے پہلے وقت ملنا ممکن نہیں؟
مَسَاءَ الْخَيْرِ يَا دُكْتُوْرُ!	شام بخیر ڈاکٹر صاحب!
مَسَاءَ الْخَيْرِ يَا سَيِّدِيْ!	شام بخیر جناب!
مَاذَا بِكَ؟	آپ کو کیا ہوا؟
عِنْدِيْ ضِرْسٌ تَالِفٌ يُضَايِقُنِي.	میری ایک خراب ڈاڑھ مجھے پریشان کر رہی ہے۔
لَقَدْ عَانَيْتُ مِنْهُ أُسْبُوْعاً بِكَامِلِهِ.	میں اس سے پورے ایک ہفتے تک

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پریشان رہا ہوں۔

إِنَّهُ يُؤْلِمُنِي جِدًّا.
اس سے مجھے شدید درد ہو رہا ہے۔

أَيُؤْلِمُكَ عِنْدَ مَا تَأْكُلُ؟
کیا کھاتے وقت آپ کو تکلیف ہوتی ہے؟

لاَ! فَقَطْ عِنْدَ مَا يَلْمِسُهُ الْمَاءُ الْبَارِدُ.
نہیں، صرف اس وقت جب اس کو ٹھنڈا پانی لگتا ہے۔

إِنَّهُ إِلْتِهَابٌ فِي الْعَصَبِ.
یہ تو رگ میں سوزش ہے۔

هَلْ سَتَخْلَعُ هٰذَا الضِّرْسَ؟
کیا آپ اس ڈاڑھ کو نکالیں گے؟

لاَ: أَصِفُ لَكَ دَوَاءً لِهٰذَا الإِلْتِهَابِ.
نہیں، میں اس سوزش کے لئے آپ کو دوا لکھ دیتا ہوں۔

عِنْدَكَ أَيْضاً إِلْتِهَابُ اللِّثَةِ.
آپ کے مسوڑھوں میں بھی ورم ہے۔

وَلٰكِنَّ الأَنْيَابَ وَالْقَوَاطِعَ سَلِيمَةٌ.
لیکن اوپر کے دانت اور سامنے والے دانت ٹھیک ہیں۔

مَاذَا يَشْكُوْ هٰذَا الضِّرْسُ؟
اس ڈاڑھ میں کیا شکایت ہے؟

إِنَّهُ تَالِفٌ، لَقَدْ أَحْدَثَ التَّسَوُّسُ فِيْهِ ثَقْباً كَبِيراً.
یہ خراب ہوگئی ہے، کیڑا لگنے کی وجہ سے اس میں ایک بڑا سوراخ ہوگیا ہے۔

سَوْفَ أَحْشُوْهُ لَكَ.
میں اس کو بھر دوں گا۔

أَتَرْغَبُ فِي حَشْوٍ مِنَ الذَّهَبِ أَوِ الْبَلاَتِيْنِ.
آپ اس کو سونے سے بھروانا پسند کریں گے یا پلاٹینم سے۔

أُرِيْدُ حَشْواً بَلاَتِيْنِيًّا.
میں پلاٹینم سے بھروانا چاہتا ہوں۔

لاَ تَأْكُلْ شَيْئاً لِمُدَّةِ سَاعَتَيْنِ.
دو گھنٹے تک کچھ مت کھایئے۔

عُدْ بَعْدَ ثَلاَثَةِ أَيَّامٍ.
تین روز کے بعد دوبارہ آیئے۔

هٰذِهِ السِّنُّ مُتَخَلْخِلَةٌ.
یہ دانت ہل رہا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لاَ يُمْكِنُ الإِبْقَاءُ عَلَيْهَا.	اس کو باقی رکھنا ممکن نہیں ہے۔
أَخْلَعُهَا.	میں اس کو نکال دیتا ہوں۔
سَوْفَ أُعْطِيْكَ حُقْنَةً وَ أُؤَكِّدُ بِأَنَّكَ لَنْ تَشْعُرَ بِأَيِّ شَيْءٍ.	میں آپ کو انجکشن لگاؤں گا اور یقین دلاتا ہوں کہ آپ کو کچھ بھی محسوس نہیں ہوگا۔
مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي مُخَدِّراً.	براہ کرم سن کر دیجئے۔
أَلَمْ يَسْبِقْ لَكَ الْجُلُوْسُ عَلَى كُرْسِيِّ طَبِيْبِ الأَسْنَانِ؟	کیا آپ اس سے پہلے دندان ساز کی کرسی پر نہیں بیٹھے؟
لاَ: أَجْلِسُ عَلَى هٰذَا الْكُرْسِيِّ لأَوَّلِ مَرَّةٍ.	نہیں، میں اس کرسی پر پہلی بار بیٹھ رہا ہوں۔
هٰذَا الضِّرْسُ يُؤْلِمُنِي.	اس ڈاڑھ میں درد ہے۔
أُرِيْدُ خَلْعَ هٰذِهِ السِّنِّ.	میں اس دانت کو نکلوانا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ حَشْوَ هٰذَا الضِّرْسِ.	میں اس ڈاڑھ کو بھروانا چاہتا ہوں۔
هَلْ يُمْكِنُكَ إِصْلاَحُ الْحَشْوَةِ؟	کیا آپ بھراؤ کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟
يَبْدُوْ أَنَّ عِنْدِيْ خُرَّاجٌ.	لگتا ہے میرے پھوڑا ہو گیا۔
لَقَدْ إِنْكَسَرَتْ قَاعِدَةُ طَاقَمِ أَسْنَانِي.	میرے مصنوعی دانتوں کا چوکا ٹوٹ گیا ہے۔

أَجْزَاءُ جِسْمِ الإِنْسَانِ / انسانی جسم کے حصے

مفرد	جمع	معنی
اَلْجِسْمُ	الأَجْسَامُ	جسم
اَلرَّأْسُ	الرُّؤُوْسُ	سر
اَلشَّعْرُ	اَلأَشْعَارُ	بال

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْجَبْهَةُ	اَلْجَبَهَاتُ/اَلْجِبَاهُ	پیشانی
اَلصُّدْغُ	اَلأَصْدَاغُ	کنپٹی
اَلْحاجِبُ (اَلْحاجِبَانِ)	اَلْحَوَاجِبُ	بھنویں
اَلْجَفْنُ	اَلْجُفُوْنُ	پپوٹے
اَلْهُدْبُ	اَلأَهْدَابُ	پلکیں
اَلْعَيْنُ (اَلْعَيْنَانِ)	اَلْعُيُوْنُ	آنکھیں
قُبَّةُ الْعَيْنِ		آنکھ کا ڈھیلا
اَلْبُؤْبُؤُ		پتلی
اَلْخَدُّ	اَلْخُدُوْدُ	گال
اَلْوَجْنَةُ	اَلْوَجَنَاتُ	گال/کلہ
اَلأَنْفُ	اَلأُنُوْفُ	ناک
اَلْخَيْشُوْمُ	اَلْخَيَاشِيْمُ	نتھنے
اَلْفَمُ	اَلأَفْوَاهُ	منہ
اَلشَّفَةُ (اَلشَّفَتَانِ)	اَلشِّفَاهُ	ہونٹ
اَلسِّنُّ	اَلأَسْنَانُ	دانت
اَللِّسَانُ	اَلأَلْسِنَةُ	زبان
اَلذَّقَنُ	اَلأَذْقَانُ	ٹھوڑی
اَلأُذُنُ	اَلآذَانُ	کان
اَلْكَتِفُ (اَلْكَتِفَانِ)	اَلأَكْتَافُ	کندھے
اَلذِّرَاعُ	اَلأَذْرُعُ	بازو
اَلسَّاعِدُ	اَلسَّوَاعِدُ	بانہہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلْيَدُ	الأَيْدِي	ہاتھ
الإِصْبَعُ	الأَصَابِعُ	انگلی
السَّبَّابَةُ		انگشت شہادت
الْوُسْطَى	الْوُسْطُ	درمیانی انگلی
الْبِنْصَرُ	الْبَنَاصِرُ	تیسری انگلی
الْخِنْصَرُ	الْخَنَاصِرُ	چھنگلیا
الإِبْهَامُ	الأَبَاهِمُ	انگوٹھا
الظُّفْرُ	الأَظْفَارُ	ناخن
الصَّدْرُ	الصُّدُوْرُ	سینہ
الْمِعْدَةُ	الْمِعَدُ	معدہ
الْقَلْبُ	الْقُلُوْبُ	دل
الرِّئَةُ(الرِّئَتَانِ)	الرِّئَاتُ	پھیپھڑے
الظَّهْرُ	الظُّهُوْرُ	پیٹھ
الرُّكْبَةُ	الرُّكَبُ	گھٹنا
السَّاقُ	السِّيْقَانُ	پنڈلی
الْقَدَمُ	الأَقْدَامُ	پاؤں
الْعَضَلَةُ	الْعَضَلاَتُ	پٹھے
الدَّمُ	الدِّمَاءُ	خون
الْعَصَبُ	الأَعْصَابُ	اعصاب۔ پٹھے
الْخَاصِرَةُ	الْخَوَاصِرُ	کمر
اللُّعَابُ		رال
الْكَعْبُ	الْكُعُوْبُ	ٹخنہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْمِعَى	اَلْأَمْعَاءُ	آنت
اَلْعَقِبُ	اَلْأَعْقَابُ	ایڑی
اَلثَّدْيُ	اَلثُّدِيُّ (اَلثَّدْيَانِ)	پستان
حَلَمَةُ الثَّدْيِ		پستان کا سرا
اَلْبَطْنُ	اَلْبُطُوْنُ	پیٹ
غِلَافُ الْقَلْبِ		پردۂ دل
اَلضِّلْعُ	اَلْأَضْلَاعُ	پسلی
أَخْمَصُ الْقَدَمِ	اَلْأَخَامِصُ	تلوہ
اَلْحَنَكُ	اَلْأَحْنَاكُ	تالو
اَلطِّحَال	اَلْأَطْلِحَةُ	تلی
رُسْغُ الْقَدَمِ	اَلْأَرْسَاغُ	ٹخنہ
اَلْجِلْدُ	اَلْجُلُوْدُ	کھال
اَلْفَكُّ	اَلْفُكُوْكُ	جبڑا
اَلْكَبِدُ	اَلْأَكْبَادُ	جگر
اَلْمَفْصِلُ	اَلْمَفَاصِلُ	جوڑ
اَلْوَجْهُ	اَلْوُجُوْهُ	چہرا
اَلْحَنْجَرَةُ	اَلْحَنَاجِرُ	حلق
اَلضِّرْسُ	اَلْأَضْرَاسُ	ڈاڑھ
اَللِّحْيَةُ	اَللِّحَى	ڈاڑھی
اَلْمُخُّ	اَلْمُخَاخُ	دماغ
اَلْفَخِذُ	اَلْأَفْخَاذُ	ران

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلرَّحِمُ	اَلأَرْحَامُ	رحم
اَلْفَرْجُ (فَرْجُ الْمَرْأَةِ)	اَلْفُرُوْجُ	اندام نہانی / شرم گاہ
اَلذَّكَرُ	اَلْمَذَاكِيْرُ	آلہ تناسل
اَلْوَرِيْدُ	اَلأَوْرِدَةُ	رگ
اَلْقَضِيْبُ	اَلْقُضْبَانُ	آلہ تناسل
اَلْمَرْغَمُ	اَلْمَرَاغِمُ	سانس کی نالی
اَلشَّرَيَانُ	اَلشَّرَايِيْنُ	شریان۔نبض
ضِرْسُ الْعَقْلِ	أَضْرَاسُ	عقل ڈاڑھ
طَبْلَةُ الأُذُنِ		کان کا پردہ
اَلرُّسْغُ	اَلأَرْسَاغُ	کلائی
اَلْمِرْفَقُ	اَلْمَرَافِقُ	کہنی
اَلْجُمْجُمَةُ	اَلْجَمَاجِمُ	کھوپڑی
اَلإِبْطُ	اَلأَبَاطُ	بغل
اَلْعُنُقُ	اَلأَعْنَاقُ	گردن
اَلْكُلْيَةُ	اَلْكِلَى	گردہ
اَلْمَثَانَةُ	اَلْمَثَانَاتُ	مثانہ
اَلشَّارِبُ	اَلشَّوَارِبُ	مونچھ
لِثَّةُ الأَسْنَانِ	اَللِّثَاتُ	مسوڑھا
اَلْمَنْخِرُ	اَلْمَنَاخِرُ	ناک کا نتھنا
اَلْعَظْمُ	اَلْعِظَامُ	ہڈی
رَاحَةُ الْيَدِ	اَلرَّاحَاتُ	ہتھیلی
اَلتَّرْقُوَةُ	اَلتَّرَاقِي	ہنسلی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلنَّبْضُ	اَلأَنْبَاضُ	نبض
اَلسُّرَّةُ	اَلسُّرَرُ	ناف
اَلْحُجْرُ	اَلْحُجُوْرُ	گود
سُمُّ الْجِلْدِ	مَسَامُّ الْجِلْدِ	مسامات
خُصْلَةُ الشَّعْرِ	خُصَلُ الشَّعْرِ	زلف، لٹ
كَعْكَةُ الشَّعْرِ		بالوں کا جوڑا

اَلأَمْرَاضُ / بیماریاں

اَلإِلْتِهَابُ	سوزش
اَلأَلَمُ العَضَلِيُّ	پٹھے کا درد
اَلأَلَمُ البَطْنِيُّ	پیٹ کا درد
اَلإِمْسَاكُ	قبض
اَلإِسْهَالُ	پیٹ چلنا، دست
اَلإِلْتِوَاءُ فِي الْعُنُقِ	گردن اکڑنا
اَلإِلْتِهَابُ الرِّئَوِيُّ	نمونیا
اَلإِلْتِهَابُ الشُّعَبِيُّ	پھیپھڑوں کا ورم
اَلأَلَمُ	درد
إِلْتِهَابُ الْكَبِدِ	جگر کی بیماری
اَلْبَرْدُ	ٹھنڈ
اَلْبَوَاسِيْرُ	بواسیر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْبَلْغَمُ	بلغم
اَلْبَثْرَةُ (اَلْبُثُوْرُ)	پھنسی، مہاسے
اَلْبَوْلُ	پیشاب
اَلْبَرَازُ	پاخانہ
اَلْبَدَانَةُ	موٹاپا
اَلثُّؤْلُوْلُ	مسا
اَلْجَرْحُ	زخم
اَلْأَكْزِيْمَا (مَرَضٌ جِلْدِيٌّ)	داد، اگزیما
اَلْجُنُوْنُ	پاگل پن
اَلْبُصَاقُ	تھوک
اَلتَّثَاؤُبُ	جماہی
اَلْجُدَرِيُّ	چیچک
اَلْإِجْهَاضُ	حمل گرانا
اَلْجَرَبُ	خارش
اَلتَّقَيُّؤُ	قے کرنا
اَلْجُذَامُ	کوڑھ
ضَرْبَةُ الشَّمْسِ	سن اسٹروک/لُو
اَلْحَرْقُ	جلنا
اَلْحُمَّى	بخار
حَصَاةٌ (فِي الْمَثَانَةِ اَوِ الْكُلْيَةِ)	پتھری (مثانے میں یا گردے میں)
حَمْضِيَّةٌ / حُمُوْضَةٌ	تیزابیت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلتَّعَقِيبَةُ : اَلسَيَلاَنُ	سوزاک
اَلْحُمَّى النَّمَشِيَّةُ	کالا بخار
اَلْحَكَّةُ	کھجلی، خارش
حَبُّ الشَّبَاب ، حَبُّ الصِّبَا	مہاسے
اَلْحُمَّى التِّيفِيَّةُ	موتی جھارا، ٹائیفائڈ
اَلْخُرَاجُ	پھوڑا، پھنسی
اَلْخَدَشُ	رگڑ، خراش
دَرَجَةُ الْحَرَارَةِ	بخار کی ڈگری / درجہ حرارت
اَلدُّمَّلُ	پھوڑا / دنبل
اَلدَّمْعُ (اَلدُّمُوْعُ)	آنسو
دَاءُ الإِسْتِسْقَاءِ	استسقاء، پیاس لگنا
اَلدُّوَارُ، اَلدُّوْخَةُ	چکر آنا
دَاءُ السُّكَّرِيُ	ذیابیطس
دُوْدَةٌ (دِيْدَانٌ)	کیڑا (کیڑے)
اَلذُّهَانُ	دماغی پریشانی
اَلرَّبْوُ	دمہ
اَلرُّعَافُ	نکسیر
اَلزُّكَام	زکام
اَلزُّحَارُ : اَلدِّيْزُ انْطَارِيَا	پیچش
اَلسِّفْلِسُ	آتشک
سُوْءُ الْهَضْمِ	بدہضمی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلسُلُّ	تپ دق
أَلسَّيَلاَنُ الأَبْيَضُ	سیلان الرحم
أَلسُّعَالُ	کھانسی
أَلسَّرَطَانُ	کینسر
أَلسُّدُّ	موتیابند
أَلصُّدَاعُ	دردسر
أَلصِّحَّةُ	صحت / تندرستی
أَلصَّرْعُ	مرگی
عُسْرُ هَضْمٍ	بدہضمی
أَلْعَرَقُ	پسینہ
أَلْعُطَاسُ	چھینک
فُقْدَانُ الشَّهِيَّةِ	بھوک نہ لگنا
أَلنَّهْجَانُ	سانس کی تکلیف
ضَرْبَةُ الشَّمْسِ	لوگلنا
أَلْقُرْحَةُ	اَلسر
أَلْكَدْمَةُ	خراش
أَلْقَطْعُ	کٹنا
أَلْفَتْقُ	آنت اترنا
أَلنَّزْلَةُ الْوَافِدَةُ	انفلوئنزا
أَلْقَيْحُ، أَلصَّدِيْد	پس / پیپ
أَلظَّمَأُ	پیاس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَقْرُ الدَّمِ	خون کی کمی
اَلنَّزْفُ، اَلنَّزِيْفُ	خون بہنا
اَلْقُوبَاءُ الْحَلَقِيَّةُ	داد
اَلتَّجَشُّؤُ	ڈکار لینا
اَلْوَضْعُ، اَلْوِلَادَةُ	زچگی
اَلنَّفَسُ، اَلتَّنَفُّسُ	سانس لینا
اَلطَّاعُوْنُ	طاعون
اَلْمَغْصُ	مروڑ، اینٹھن
اَلْوَثَائَةُ: لَيُّ الْمَفْصِلِ أَوْ إِلْتِوَاءُهُ	موچ، نس چڑھنا
اَلنَّوْمُ	نیند
اَلنَّاسُوْرُ	ناسور
اَلْوَرَمُ	ورم
اَلْفُوَاقُ	ہچکی
اَلْهَيْضَةُ، اَلْكُوْلِيرَا	کالرا
اَلْيَرَقَانُ	یرقان/پیلیا

أَلْعَاهَاتُ
نقائص

أَعْرَجُ	لنگڑا	أَعْمٰى	نابینا
أَصَمُّ	بہرا	مَرِيْضٌ	بیمار
غَبِيٌّ	بیوقوف	ضَعِيْفٌ	کمزور
		أَعْوَرُ	کانا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَحْوَلُ	بھینگا
أَحْدَبُ	کبڑا
أَخْرَسُ	گونگا
أَقْرَعُ	گنجا
عَلِيلٌ	بیمار

أَلْفَضَائِلُ
خوبیاں

شُجَاعٌ	بہادر
حَسَّاسٌ	حساس
مُجْتَهِدٌ	محنتی
فَعَّالٌ	فعّال/مؤثر
نَشِيطٌ	مستعد/چست
صَادِقٌ	سچا
أَمِينٌ	دیانتدار
مُخْلِصٌ	مخلص/وفادار
مُسَاعِدٌ	مددگار
عَاقِلٌ	عقل مند
مُطِيعٌ	فرمانبردار
مُعْتَدِلٌ	معتدل/میانہ رو
لَطِيفٌ	مہربان
مُهَذَّبٌ	مہذب
صَدُوقٌ	سچا
مُحِبٌّ	چاہنے والا
مُحْتَرَمٌ	محترم
مَسْرُورٌ	خوش
سَعِيدٌ	خوش قسمت/خوش
مُبْتَهِجٌ	خوش باش
كَرِيمٌ	فراخدل
مُتَفَائِلٌ	خوش فہم/نیک گمان
رَزِينٌ	سنجیدہ
عَادَةٌ حَسَنَةٌ	اچھی عادت
وَقُورٌ	باوقار

اَلرَّذَائِلُ
برائیاں

جَبَانٌ	بزدل
عَدِيمُ الشُّعُورِ	بے شعور/بے حس
كَسْلَانُ	سست
خَامِلٌ	گمنام

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلصِّفَاتُ

اوصاف

كَذَّابٌ	جھوٹا	قَوِيٌّ	مضبوط، طاقتور
غَيْرُ أَمِيْنٍ	بددیانت	ضَعِيْفٌ	کمزور
غَيْرُ مُخْلِصٍ	بےوفا	جَمِيْلٌ	خوبصورت
عَدِيْمُ الْمُسَاعَدَةِ	بےیارومددگار	بَشِعٌ	بدصورت
أَحْمَقُ	بےوقوف	مَرِيْضٌ	بیمار
عَاصٍ	نافرمان	ظَرِيْفٌ	خوش طبع، عمدہ
مُتَكَبِّرٌ	مغرور	لَطِيْفٌ	خوب رو، مہربان
غَيْرُ لَطِيْفٍ	نامہربان	طَوِيْلٌ	لمبا
قَاسٍ	سنگ۔دل	قَصِيْرٌ	پستہ
بَخِيْلٌ	کنجوس	سَمِيْنٌ	موٹا
مَكْرُوْهٌ	قابل نفرت	نَحِيْلٌ	پتلا
عَدِيْمُ الإِحْتِرَامِ	ناقابل احترام، بے ادب	لَيِّنٌ	نرم
عَدِيْمُ التَّقْدِيْرِ	بےحیثیت	صُلْبٌ	سخت
تَعِيْسٌ	ناخوش، بدقسمت	نَاعِمٌ	ملائم
مُهْمِلٌ	لاپرواہ	خَشِنٌ	کھردرا
غَبِيٌّ	غبی/کندذہن	كَبِيْرٌ	بڑا
مُتَشَائِمٌ	نا امید، قنوطی/بد شگون	وَاسِعٌ	کشادہ
عَادَةٌ سَيِّئَةٌ	بری عادت	صَغِيْرٌ	چھوٹا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ضَيِّقٌ	تنگ	وَسِخٌ	گندا
عَرِيْضٌ	کشادہ	حُلْوٌ	میٹھا
مُسْتَقِيْمٌ	سیدھا	مُرٌّ	کڑوا
نَظِيْفٌ	صاف	حَامِضٌ	کھٹا

فِي الْمُسْتَشْفَى / ہسپتال میں

لَقَدْ وَقَعَ حَادِثُ سَيَّارَةٍ لِلسَّيِّدِ نَبِيْل. هَلْ أُصِيْبَ؟

نبیل صاحب کو کار کا حادثہ پیش آ گیا ہے۔ کیا وہ زخمی ہو گئے؟

أَجَلْ ، لَقَدْ إِرْتَطَمَ بِزُجَاجِ السَّيَّارَةِ الأَمَامِيِّ.

جی ہاں: وہ گاڑی کے ونڈ شیلڈ (سامنے والے شیشے) سے ٹکرا گئے۔

هَلْ رَأَيْتَ السَّيَّارَةَ بَعْدَ الْحَادِثِ؟

کیا آپ نے حادثے کے بعد گاڑی کو دیکھا؟

نَعَمْ : وَيَصْعُبُ تَصَوُّرُ وُجُوْدِ أَيِّ شَخْصٍ بِدَا خِلِهَا دُوْنَ أَنْ يَكُوْنَ قَدْ أُصِيْبَ إِصَابَةً بَالِغَةً.

جی ہاں (گاڑی کو دیکھ کر) یہ تصور کرنا بھی مشکل ہے کہ اس کے اندر کوئی شخص موجود ہو اور اس کو زبردست چوٹ نہ آئی ہو۔

أَكَانَ الحَادِثُ خَطِيْراً إِلَى هٰذَا الْحَدِّ؟

کیا حادثہ اتنا خطرناک تھا؟

نَعَمْ : لِسُوْءِ الْحَظِّ.

جی ہاں: بدقسمتی سے۔

هَيَّا بِنَا إِلَى الْمُسْتَشْفَى فَوْراً.

آیئے ہم فوراً ہسپتال چلتے ہیں۔

أَلآنَ يُمْكِنُكَ أَنْ تَسْأَلَ الْمُمَرِّضَةَ الْمَوْجُوْدَةَ فِي مَكْتَبِ الإِسْتِعْلَامَاتِ.

اب آپ انکوائری آفس میں موجود نرس سے پوچھ سکتے ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَلْ يُمْكِنُكِ أَنْ تُعْطِيَنَا مَعْلُوْمَاتٍ عَنِ السَّيِّدِ نَبِيْلٍ الَّذِيْ أُدْخِلَ الْمُسْتَشْفَى هٰذَا الْمَسَاءَ؟

کیا آپ ہمیں نبیل صاحب کے بارے میں بتا سکتی ہیں جن کو آج شام ہسپتال میں داخل کیا گیا؟

طَبْعاً : لَقَدْ أُدْخِلَ إِلَى غُرْفَةِ الْعَمَلِيَّاتِ قَبْلَ سَاعَتَيْنِ.

یقیناً: ان کو دو گھنٹہ پہلے آپریشن تھیٹر میں لے جایا گیا۔

إِسْتَلْزَمَ الأَمْرُ إِجْرَاءَ عَمَلِيَّةٍ جَرَاحِيَّةٍ لَهُ.

ان کا آپریشن کرنا پڑا۔

هَلْ مَازَالَ عَلَى طَاوِلَةِ الْعَمَلِيَّاتِ؟

کیا وہ اب تک آپریشن کی میز پر ہیں؟

لاَ أَظُنُّ ذٰلِكَ ، يُمْكِنُكَ أَنْ تَسْأَلَ الطَّبِيْبَ.

میں ایسا نہیں سمجھتی، آپ ڈاکٹر سے پوچھ سکتے ہیں۔

هَلِ السَّيِّدُ نَبِيْلٌ عَلَى مَا يُرَامُ يَا دُكْتُوْرُ؟

ڈاکٹر صاحب کیا مسٹر نبیل ٹھیک ہیں؟

عِنْدَهُ ضِلْعٌ مَكْسُوْرٌ وَجُرْحٌ عَمِيْقٌ نَوْعاً مَا فِي الْوَجْهِ.

ان کی ایک پسلی ٹوٹی ہوئی ہے اور چہرے پر کسی قدر گہرا زخم ہے۔

لَقَدْ إِضْطَرَرْتُ إِلَى إِجْرَاءِ تِسْعَ قُطَبٍ لِقَفْلِ الْجُرْحِ.

زخم بند کرنے کے لئے مجھے نو ٹانکے لگانے پڑے ہیں۔

لَقَدْ تَخَلْخَلَ مَفْصِلُ قَدَمِهِ وَالْتَوَتْ يَدُهُ قَلِيْلاً.

ان کے پاؤں کا جوڑ سرک گیا ہے اور ہاتھ تھوڑا سا مڑ گیا ہے۔

كَانَ يُمْكِنُ أَنْ يَكُوْنَ الْحَالُ أَكْثَرَ سُوْءاً.

حالت اس سے بھی بری ہو سکتی تھی۔

هَلْ يُمْكِنُ أَنْ نَرَاهُ الآنَ يَا دُكْتُوْرُ؟

ڈاکٹر صاحب کیا اب ہم ان کو دیکھ سکتے ہیں.

طَبْعاً : وَلٰكِنْ لِمُدَّةِ بِضْعِ دَقَائِقَ فَقَطْ.

یقیناً: لیکن صرف چند منٹ کے لئے۔

أَحْسَنُ شَيْءٍ لَهُ الآنَ هُوَ الرَّاحَةُ.

ان کے لئے سب سے بہتر آرام ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِنَّهُ فِي قِسْمِ الرِّجَالِ.
وہ مردانہ وارڈ میں ہیں۔

غُرْفَةُ رَقْمِ ٦٥
کمرہ نمبر ۶۵

لَا تُقْلِقْهُ مِنْ فَضْلِكَ ، إِنَّهُ مُسْتَغْرِقٌ فِي النَّوْمِ.
براہ کرم ان کو پریشان نہ کیجئے ، وہ گہری نیند میں ہیں۔

إِلَى مَتَى سَتَظَلُّ رِجْلُهُ فِي الْجِبْسِ لِأُسْبُوعَيْنِ عَلَى الْأَقَلِّ.
انکی ٹانگ پر کب تک پلاسٹر چڑھا رہے گا؟ کم از کم دو ہفتے کے لئے۔

حَادِثَةٌ فِي الطَّرِيقِ / سڑک پر ایک حادثہ

وَقَعَتْ حَادِثَةٌ عَلَى بُعْدِ ثَلَاثَةِ أَمْيَالٍ مِنْ هُنَا
یہاں سے تین میل کے فاصلے پر ایک حادثہ پیش آ گیا ہے۔

هَلْ بِإِمْكَانِكَ ، إِذَا سَمَحْتَ ، أَنْ تَتَّصِلَ بِالشُّرْطَةِ؟
کیا آپ مہربانی کر کے پولیس کو فون کر سکتے ہیں؟

كَلَّا : لَمْ أَرَ الْحَادِثَةَ.
جی نہیں : میں نے حادثہ نہیں دیکھا۔

لَا أَظُنُّ أَنَّ أَحَداً قَدْ جُرِحَ.
میں نہیں سمجھتا کہ کوئی آدمی زخمی ہوا ہے۔

يُوْجَدُ جَرِيحٌ فِي حَالَةٍ خَطِرَةٍ.
ایک زخمی خطرناک حالت میں ہے۔

هَلْ أَنْتَ عَلَى مَا يُرَامُ؟
کیا آپ ٹھیک ٹھاک ہیں؟

رُكَّابُ سَيَّارَتِي لَيْسُوا مُصَابِينَ.
میری گاڑی کی سواریاں زخمی نہیں ہیں۔

أُصِيبَتِ السَّيَّارَةُ بِأَضْرَارٍ بَسِيطَةٍ.
گاڑی کو معمولی نقصانات پہونچے ہیں۔

هَلْ يُمْكِنُكَ إِعْطَائِي التَّفَاصِيلَ عَنْ تَأْمِينِكَ؟
کیا آپ مجھے اپنے بیمہ کی تفصیلات بتا سکتے ہیں؟

إِسْمُكَ وَعُنْوَانُكَ مِنْ فَضْلِكَ.
ذرا اپنا نام اور پتہ بتایئے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَلْ يُمْكِنُكَ مَلْؤُ هٰذِهِ الإِسْتِمَارَةِ؟ کیا آپ یہ فارم پر کر سکتے ہیں؟

أَظُنُّ أَنَّهُ يَجِبُ إِسْتِدْعَاءُ الشُّرْطَةِ. میرا خیال ہے کہ پولیس کو بلانا چاہئے۔

عَفْواً ؛هَلْ أَنْتَ مُسْتَعِدٌّ أَنْ تَكُوْنَ شَاهِداً؟ معاف کیجئے، کیا آپ گواہ بننے کے لئے تیار ہیں؟

حَصَلَ الْحَادِثُ لأَنَّهُ فَرْمَلَ سَيَّارَتَهُ فَجْأَةً. حادثہ اس لئے پیش آیا کیونکہ اس نے اپنی گاڑی کو اچانک بریک لگا دیا۔

كَانَ يُحَاوِلُ أَنْ يَخْرُجَ مِنْ طَرِيْقٍ جَنْبِيٍّ مِنْ دُوْنِ إِخْطَارٍ مُسَبَّقٍ. وہ ذیلی سڑک سے اشارہ دیئے بغیر نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔

كَانَ يُحَاوِلُ التَّجَاوُزَ فِيْ طَرِيْقٍ ضَيِّقٍ وہ ایک تنگ راستے میں آگے نکلنے کی کوشش کر رہا تھا۔

دَارَ مِنْ غَيْرِ أَنْ يُخْطِرَ بِذٰلِكَ مُسَبَّقاً. وہ پہلے سے اشارہ دیئے بغیر مڑ گیا۔

هَلْ يُمْكِنُنِي أَنْ أَشْرَحَ الأَمْرَ لِمَنْ يَفْهَمُ الإِنْكِلِيْزِيَّةَ؟ کیا میں کسی ایسے آدمی سے وضاحت کر سکتا ہوں جو انگریزی سمجھتا ہو؟

تَعَطُّلُ السَّيَّارَةِ / کار کی خرابی

شُكْراً لِتَوَقُّفِكَ، إِنَّنِيْ فِيْ مُشْكِلَةٍ كَبِيْرَةٍ. آپ کے رکنے کا شکریہ، میں بڑی پریشانی میں ہوں۔

مَا الْخَطْبُ، هَلْ تُرِيْدُ مُسَاعَدَتِيْ؟ کیا بات ہے، کیا آپ کو میری مدد کی ضرورت ہے؟

نَعَمْ: أُرِيْدُ مُسَاعَدَتَكَ لأَنَّ سَيَّارَتِيْ قَدْ تَعَطَّلَتْ. جی ہاں: مجھے آپ کی مدد کی ضرورت ہے کیونکہ میری گاڑی خراب ہو گئی ہے۔

هَلْ يُمْكِنُكَ إِخْطَارُ أَوَّلِ مَرْأَبٍ تَرَاهُ راستے میں جو بھی پہلا گیرج نظر آئے کیا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي الطَّرِيقِ؟	آپ وہاں اطلاع کر سکتے ہیں؟
هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَأْخُذَنِي إِلَى أَقْرَبِ كُشْكٍ لِلْهَاتِفِ؟	کیا آپ مجھے کسی قریب ترین ٹیلی فون بوتھ تک لے جا سکتے ہیں؟
هَلْ يُمْكِنُكَ إِسْتِدْعَاءُ الْوِنْشِ لِتَسْحَبَ سَيَّارَتِي.	کیا آپ بریک ڈاون کو بلا سکتے ہیں تا کہ وہ میری گاڑی کو کھینچ کر لے جائے۔
إِنَّنِي عَلَى بُعْدِ عَشْرَةِ كِيلُو مِتْرَاتٍ مِنَ الْمَدِينَةِ.	میں شہر سے دس کیلو میٹر کی دوری پر ہوں۔
كَمْ مِنَ الْوَقْتِ يَسْتَغْرِقُ رُجُوعُكَ.	آپ کو واپسی میں کتنا وقت لگے گا؟
يَبْدُو أَنَّ هُنَاكَ عُطْلاً فِي الْمُحَرِّكِ.	لگتا ہے انجن میں کوئی خرابی ہے۔
اَلْقَابِضُ يَزْلَقُ.	کلچ پھسل رہا ہے۔
هُنَاكَ صَوْتٌ يَخْرُجُ مِنَ الْمُحَرِّكِ	انجن میں سے آواز آ رہی ہے۔
اَلْكَوَابِحُ لاَ تَعْمَلُ.	بریک کام نہیں کر رہے ہیں۔
حِزَامُ الْمِرْوَحَةِ مَقْطُوعٌ.	پنکھے کی بیلٹ ٹوٹی ہوئی ہے۔
اَلْمَنْظُومَةُ الْكَهْرَبَائِيَّةُ لاَ تَعْمَلُ	الیکٹرک سسٹم کام نہیں کر رہا ہے۔
اَلْمُحَرِّكُ يَحْمَى كَثِيرًا.	انجن بہت گرم ہوتا ہے۔
اَلسَّيَّارَةُ لاَ تَنْطَلِقُ.	گاڑی اسٹارٹ نہیں ہوتی۔
مَا الأَمْرُ؟	کیا بات ہے؟
هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ مَكْسُورٌ؟	کیا کوئی چیز ٹوٹی ہوئی ہے؟
هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ قَدِ احْتَرَقَ؟	کیا کچھ جل گیا ہے؟
هَلْ هُنَاكَ شَيْءٌ قَدِ انْفَصَلَ؟	کیا کچھ الگ ہو گیا ہے؟
هَلْ هُنَاكَ تَسَرُّبٌ؟	کیا کچھ رس رہا ہے؟
هَلْ تَحْتَاجُ إِلَى قِطْعَةِ غِيَارٍ؟	کیا آپکو کسی فالتو پرزے کی ضرورت ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَمْ يَلْزَمُ مِنَ الْوَقْتِ لِإِجْرَاءِ التَّصْلِيحِ؟ ٹھیک کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟

كَمْ سَيُكَلِّفُ ذٰلِكَ؟ اس پر کتنا خرچ آئے گا؟

أَلْكَوَابِحُ. بریک۔

أَلْأَلْفَاظُ الْمُتَعَلِّقَةُ بِالسَّيَّارَةِ / کار سے متعلق الفاظ

أَلْمُكَرْبِنُ	کاربوریٹر	جِهَازُ التَّبْرِيدِ	ریڈیاٹر
أَلْقَابِضُ (جِهَازُ التَّعْشِيقِ)	کلچ	أَلْمَقْعَدُ	سیٹ
قَضِيبُ الْعُمْقِ	ڈپ اسٹک	كَاتِمَةُ الصَّوْتِ	سائی لنسر
أَلْحَاشِدَةُ (بَطَارِيَّةٌ)	بیٹری	شَمْعَةُ الإِشْعَالِ	اسپارکنگ پلگ
أَلْمُوَلِّدُ	ڈائمو	عَدَّادُ السُّرْعَةِ	رفتار پیما
أَلْمَنْظُومَةُ الْكَهْرَبَائِيَّةُ	الیکٹرک سسٹم	أَلْعَجَلاَتُ	پہیے
أَلْمُحَرِّكُ	انجن	أَلْمِرْآةُ الْخَلْفِيَّةُ	عقب نما آئینہ
أُنْبُوبُ الْعَادِمِ	بھاپ نکاس پائپ	صُنْدُوقُ السَّيَّارَةِ	کار کی ڈگی
أَلْمِصْفَاةُ	فلٹر	أَلنُّورُ الْخَلْفِيُّ	عقبی بتی
أَلْمِرْوَحَةُ	پنکھا	نُورُ الإِشَارَةِ	سگنل لائٹ
حِزَامُ الْمِرْوَحَةِ	فین بیلٹ	أَلْمِصَدُّ	کار کا بمپر
خَزَّانُ الْوَقُودِ	ایندھن کی ٹنکی	إِطَارٌ	ٹائر
مُسَنَّنَاتُ الْحَرَكَةِ	گیر	هَوَائِيٌّ	ایریل
أَلْكَابِحُ الْيَدَوِيُّ	ہینڈ بریک	أَلْحَاجِبُ الزُّجَاجِيُّ	ونڈ اسکرین
أَلْبُوقُ (أَلْبُورِي)	ہارن	لَوْحَةُ أَجْهِزَةِ الْقِيَاسِ	ڈیش بورڈ
		عَجَلَةُ الْقِيَادَةِ	اسٹیرنگ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْمَصَابِيْحُ الْأَمَامِيَّةُ	کار کی سامنے والی بتیاں	دَوَّاسَةُ الْبَنْزِيْنِ	ایکسیلیٹر (رفتار بڑھانے والا پرزہ)
ذِرَاعُ التُّرُوْسِ	گیر لیور	غِطَاءُ الْمُحَرِّكِ	کار کا بونٹ
حِزَامُ الْأَمَانِ	سیفٹی بیلٹ	لَوْحَةُ رَقْمِ السَّيَّارَةِ	نمبر پلیٹ

اَلسَّفَرُ / سفر

يَجِبُ أَنْ أَذْهَبَ الآنَ.
اب مجھے چلنا چاہئے۔

لِمَاذَا ، هَلْ عِنْدَكَ مَوْعِدٌ؟
کیوں، کیا آپ کا کوئی اپائنٹ منٹ ہے؟

أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى السِّفَارَةِ الْمِصْرِيَّةِ.
میں مصری سفارت خانے جانا چاہتا ہوں۔

لِمَاذَا؟
کیوں؟

لِأَحْصُلَ عَلَى تَأْشِيْرَةِ دُخُوْلٍ لِمِصْرَ.
تاکہ میں مصر کا ویزا حاصل کر سکوں۔

مَتَى سَتُسَافِرُ إِلَى مِصْرَ ؟
آپ مصر کب جائیں گے؟

سَأُسَافِرُ إِلَى مِصْرَ فِي الْأُسْبُوْعِ الْقَادِمِ.
میں آئندہ ہفتے مصر جاؤں گا۔

هَلْ سَتَذْهَبُ بِمُفْرَدِكَ؟
کیا آپ تنہا جائیں گے؟

لَا : سَيَذْهَبُ مَعِيْ أَخِيْ.
نہیں میرے ساتھ میرے بھائی جائینگے۔

هَلْ أَخُوْكَ سَيَذْهَبُ مَعَكَ؟
کیا آپ کے بھائی آپکے ساتھ جائینگے؟

نَعَمْ : هُوَ ذُوْ خِبْرَةٍ وَزَارَ مِصْرَ مِنْ قَبْلُ وَرَأَى آثَارَهَا الْقَدِيْمَةَ.
جی ہاں: وہ تجربہ کار ہیں اور اس سے پہلے مصر جا چکے ہیں اور وہاں کے آثار قدیمہ دیکھ چکے ہیں۔

هَلْ سَتَحْصُلُ عَلَى تَأْشِيْرَةٍ لِأَخِيْكَ؟
کیا آپ کو آپ کے بھائی کا ویزا مل جائے گا؟

نَعَمْ : مَعِيْ جَوَازُ سَفَرِهِ.
جی ہاں: میرے پاس ان کا پاسپورٹ ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَلْ سَتُسَافِرَانِ بِالطَّائِرَةِ؟ کیا آپ ہوائی جہاز سے جائیں گے؟

نَعَمْ سَنُسَافِرُ بِالطَّائِرَةِ. جی ہاں: ہم ہوائی جہاز سے سفر کریں گے۔

هَلْ حَجَزْتُمْ تَذَاكِرَ السَّفَرِ؟ کیا آپ لوگوں نے ٹکٹ بک کرالئے ہیں؟

رُبَّمَا يُسْعِدُنِي الْحَظُّ وَأَذْهَبُ مَعَكُمْ فِي الْمَرَّةِ الْقَادِمَةِ. شاید میری قسمت میرا ساتھ دے اور اگلی بار میں آپ کے ساتھ چلوں۔

فِي السِّفَارَةِ / سفارتخانہ میں

مَاذَا تُرِيْدُ؟ آپ کیا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ التَّأْشِيْرَةَ. میں ویزا چاہتا ہوں۔

أَيْنَ جَوَازُ سَفَرِكَ؟ آپ کا پاسپورٹ کہاں ہے؟

هٰذَا جَوَازُ سَفَرِي. یہ میرا پاسپورٹ ہے۔

إِلَى أَيْنَ تُرِيْدُ أَنْ تُسَافِرَ؟ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أُسَافِرَ إِلَى الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ. میں سعودی عرب جانا چاہتا ہوں۔

كَمْ مُدَّةً سَتَبْقٰى هُنَاكَ؟ آپ وہاں کتنا عرصہ قیام کریں گے؟

سَأَبْقٰى هُنَاكَ لِمُدَّةِ أُسْبُوْعَيْنِ. میں وہاں دو ہفتہ قیام کروں گا۔

لِمَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تُسَافِرَ إِلَى الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ؟ آپ سعودی عرب کیوں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أَقُوْمَ بِأَدَاءِ الْعُمْرَةِ. میں عمرہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔

هَلْ مَعَكَ أَحَدٌ؟ کیا آپ کے ساتھ کوئی ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَعَمْ : عَائِلَتِي مَعِي. ہاں: میرے ساتھ میری فیملی ہے۔

مَاهُوَ عَدَدُكُمْ ؟ آپ کتنے افراد ہیں؟

أَنَا وَزَوْجَتِي وَثَلاَثَةُ أَطْفَالٍ. میں، میری بیوی اور تین بچے۔

أَيْنَ التَّذَاكِرُ؟ ٹکٹ کہاں ہیں؟

مَاجِئْتُ بِالتَّذَاكِرِ. میں ٹکٹ نہیں لایا۔

عَلَيْكَ أَنْ تُحْضِرَ تَذَاكِرَ مُرَجَّعَةً لِجَمِيعِ الأَفْرَادِ. آپ سب لوگوں کے ریٹرن ٹکٹ لے کر آیئے۔

خُذْ هٰذِهِ الإِسْتِمَارَةَ وَامْلأْهَا. یہ فارم لیجئے اور اس کو پُر کیجئے۔

حَسَناً. ٹھیک ہے۔

مَتَى يُمْكِنُ لِي أَنْ أَحْصُلَ عَلَى التَّاشِيرَةِ؟ مجھے ویزا کب مل سکے گا؟

بَعْدَ يَوْمَيْنِ. دو دن کے بعد۔

هَلْ يُمْكِنُ لِي أَنْ أَحْصُلَ الْيَوْمَ عَلَى التَّأْشِيرَةِ؟ کیا مجھے آج ویزا مل سکتا ہے؟

لاَ : لاَ يُمْكِنُ الْيَوْمَ. نہیں: آج ممکن نہیں ہے۔

هَلْ أَدْفَعُ الرُّسُومَ. کیا میں فیس ادا کروں؟

لاَ : لَيْسَتْ هُنَاكَ رُسُومٌ لِتَاشِيرَةِ الْعُمْرَةِ. نہیں: عمرہ ویزا کے لئے فیس نہیں ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلسَّفَرُ بِالطَّائِرَةِ / ہوائی جہاز کا سفر

أَنْوِي السَّفَرَ بِالطَّائِرَةِ. میرا ہوائی جہاز سے سفر کرنیکا ارادہ ہے۔

اَلسَّفَرُ بِالطَّائِرَةِ مُرِيحٌ وَسَرِيعٌ. ہوائی جہاز کا سفر آرام دہ اور تیز ہے۔

كَيْفَ يُمْكِنُ لِي الذَّهَابُ إِلَى الْمَطَارِ؟ میں ہوائی اڈہ کس طرح جا سکتا ہوں؟

عَلَيْكَ أَنْ تَذْهَبَ فِي التَّاكْسِي. ٹیکسی سے جایئے۔

أَيْنَ أَحْجِزُ تَذْكِرَةَ السَّفَرِ؟ ٹکٹ کہاں بک کراؤں؟

فِي مَكْتَبِ الْخُطُوطِ الْجَوِّيَّةِ أَوْفِي وِكَالَةِ السَّفَرِيَّاتِ. ایرلائنز کے دفتر میں یا کسی ٹریول ایجنسی میں۔

أَيْنَ يُوْجَدُ مَكْتَبُ الْخُطُوطِ الْهِنْدِيَّةِ؟ ایرانڈیا کا دفتر کہاں ہے؟

هَلْ تُوْجَدُ رِحْلَةٌ إِلَى الْقَاهِرَةِ. کیا قاہرہ کے لئے کوئی پرواز ہے؟

مَامَوْعِدُ الطَّائِرَةِ الْمُغَادِرَةِ إِلَى الْقَاهِرَةِ. قاہرہ جانے والے جہاز کا وقت کیا ہے؟

مَاهُوَ ثَمَنُ التَّذْكِرَةِ لِلذَّهَابِ فَقَطْ؟ ایک طرف کے ٹکٹ کی کیا قیمت ہے؟

وَمَاهُوَ ثَمَنُ تَذْكِرَةِ الذَّهَابِ وَالإِيَابِ؟ اور آمد و رفت کا ٹکٹ کتنے کا ہے؟

ثَمَنُ تَذْكِرَةِ الذَّهَابِ وَالإِيَابِ سَبْعَةُ آلَافِ رُوْبِيَةٍ. آمد و رفت کا ٹکٹ سات ہزار روپے کا ہے۔

هَلْ تُعْطُوْنَ أَيَّ تَخْفِيضٍ فِي ثَمَنِ التَّذْكِرَةِ؟ کیا آپ ٹکٹ کی قیمت میں کوئی چھوٹ دیتے ہیں؟

عَلَيْكَ أَنْ تَشْتَرِيَ التَّذْكِرَةَ مِنْ أَيِّ وِكَالَةِ السَّفَرِيَّاتِ. آپ کسی ٹریول ایجنسی سے ٹکٹ خریدیئے۔

سَتُعْطِيْكَ وِكَالَةُ السَّفَرِيَّاتِ ٹریول ایجنسی آپ کو ۱۰ فیصد چھوٹ دے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

التَّخْفِيضَ بِنِسْبَةِ ۱۰٪.
گی۔

مِنْ فَضْلِكَ إِحْجِزْلِي مَقْعَدَيْنِ فِي الْيَوْمِ الثَّانِي مِنْ أَبْرِيلَ.
براہ کرم اپریل کی دو تاریخ کو میرے لئے دو سیٹیں مخصوص کر لیجئے۔

هَلْ أَنْتَ مُسَافِرٌ بِالدَّرَجَةِ الْأُولَى؟
کیا آپ فرسٹ کلاس سے سفر کریں گے؟

لاَ: أَنَا مُسَافِرٌ بِالدَّرَجَةِ الإِقْتِصَادِيَّةِ.
نہیں: میں اکونومی کلاس میں سفر کروں گا۔

أُرِيدُ دَلِيلاً لِمَوَاعِيدِ الرِّحْلاَتِ.
مجھے فلائیٹس کا ٹائم ٹیبل چاہئے۔

كَمْ وَزْناً مِنَ الأَمْتِعَةِ مَسْمُوحٌ بِهِ لِمُسَافِرٍ؟
ایک مسافر کو کتنا سامان لے جانے کی اجازت ہے؟

عِشْرُونَ كِيلُوغِرَامٍ.
بیس کلوگرام۔

مَتَى يَجِبُ التَّوَاجُدُ فِي الْمَطَارِ.
مجھے ہوائی اڈہ کب پہونچنا ہے؟

مَارَقْمُ الرِّحْلَةِ؟
فلائٹ نمبر کیا ہے؟

أَيْنَ جَوَازُ سَفَرِكَ؟
آپ کا پاسپورٹ کہاں ہے؟

وَأَيْنَ التَّأْشِيرَةُ؟
اور ویزا کہاں ہے؟

إِفْتَحْ هٰذِهِ الْحَقِيبَةَ.
یہ سوٹ کیس کھولیے۔

عَلَيْنَا أَنْ نَفْحَصَ أَمْتِعَتَكَ.
ہمیں آپ کا سامان چیک کرنا ہے۔

كَمْ عَدَدُ الرُّكَّابِ، فِي الطَّائِرَةِ.
جہاز میں کتنے مسافر ہیں؟

اَلْمُضِيفَةُ فِي خِدْمَتِكُمْ طَوَالَ الرِّحْلَةِ.
ایرہوسٹس راستہ بھر آپ کی خدمت میں رہے گی۔

رْبِطُوا أَحْزِمَةَ مَقَاعِدِكُمْ.
اپنی پیٹیاں باندھ لیجئے۔

يُمْكِنُكُمْ تَغْيِيرُ النُّقُودِ فِي بَنْكِ الْمَطَارِ.
آپ ہوائی اڈہ کے بینک میں روپے بدل سکتے ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلْأَلْفَاظُ وَمَعَانِيهَا. / الفاظ اور ان کے معنی

طَائِرَةٌ	ہوائی جہاز
مَطَارٌ	ہوائی اڈہ
قَبْطَانُ الطَّائِرَةِ	کیپٹن
طَيَّارٌ	ہواباز/پائیلٹ
مُضِيفَةٌ	ایرہوسٹس
شَرِكَةُ طَيَرَانٍ	ایرلائن
أَلْجُمْرُكُ	کسٹم
عُمْلَةٌ أَجْنَبِيَّةٌ	غیر ملکی کرنسی
غَرَامَةٌ	جرمانہ
مُعْفَاةٌ مِنَ الرُّسُوْمِ	ٹیکس فری
ضَابِطُ الْجَمَارِكِ	کسٹم افسر
جَوَازُ سَفَرٍ.	پاسپورٹ
أَمْتِعَةُ الرُّكَّابِ	مسافروں کا سامان
مَدْرَجٌ لِهُبُوْطِ الطَّائِرَاتِ	رن وے
بُرْجُ الْمُرَاقَبَةِ	کنٹرول ٹاور

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلسَّفَرُ بِالْقِطَارِ / ریل کا سفر

أَيْنَ مَحَطَّةُ السِّكَّةِ الْحَدِيْدِيَّةِ؟	ریلوے اسٹیشن کہاں ہے؟
هَلِ الْمَحَطَّةُ بَعِيْدَةٌ مِنْ هُنَا؟	کیا ریلوے اسٹیشن یہاں سے دور ہے؟
مَتَى يَقُوْمُ الْقِطَارُ إِلَى بُوْمبَاى.	بمبئی جانیوالی گاڑی کب روانہ ہوتی ہے؟
يَقُوْمُ الْقِطَارُ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ وَالنِّصْفِ.	گاڑی ساڑھے سات بجے جاتی ہے۔
هَلْ يَتَوَقَّفُ الْقِطَارُ فِي آكْرَهْ.	کیا گاڑی آگرہ رکتی ہے؟
لاَ : اَلْقِطَارُ لاَ يَتَوَقَّفُ فِي آكْرَهْ.	نہیں: گاڑی آگرہ نہیں رکتی۔
أُرِيْدُ أَنْ أَسْتَفْسِرَ عَنْ مَوَاعِيْدِ الْقِطَارِ.	میں گاڑی کے اوقات معلوم کرنا چاہتا ہوں۔
أَنَا هُنَا لإِعْطَاءِ الْمَعْلُوْمَاتِ.	میں یہاں معلومات فراہم کرنے کے لئے موجود ہوں۔
مَتَى يَقُوْمُ الْقِطَارُ السَّرِيْعُ؟	ایکسپریس گاڑی کس وقت جاتی ہے؟
اَلْقِطَارُ السَّرِيْعُ يَقُوْمُ فِي السَّاعَةِ الرَّابِعَةِ مَسَاءً.	ایکسپریس گاڑی شام کو چار بجے جاتی ہے۔
هَلْ هُوَ قِطَارٌ مُبَاشِرٌ؟	کیا یہ براہِ راست گاڑی ہے؟
بِكَمُ التَّذْكِرَةُ إِلَى بُوْمبَايْ؟	بمبئی کا ٹکٹ کتنے کا ہے؟
مَتَى يَصِلُ الْقِطَارُ الْقَادِمُ مِنْ كَانْبُوْر؟	کانپور سے آنے والی گاڑی کس وقت پہونچتی ہے؟
أَيْنَ مَكْتَبُ التَّذَاكِرِ؟	ٹکٹ گھر کہاں ہے؟
أُرِيْدُ تَذْكِرَتَيْنِ مِنَ الدَّرَجَةِ الثَّانِيَةِ.	مجھے سیکنڈ کلاس کے دو ٹکٹ چاہئیں۔
مَعَنَا طِفْلٌ ، هَلْ يَجِبُ أَنْ نَشْتَرِيَ	ہمارے ساتھ ایک بچہ ہے۔ کیا اس کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَهُ التَّذْكِرَةَ؟	لئے ٹکٹ لینا ضروری ہے؟
إِذَا كَانَ عُمْرُ الطِّفْلِ أَقَلَّ مِنْ خَمْسِ سَنَوَاتٍ فَلَا تَشْتَرِ التَّذْكِرَةَ.	اگر بچے کی عمر پانچ سال سے کم ہے تو ٹکٹ مت خریدیئے۔
هَلْ وَزَنْتَ أَمْتِعَتِي؟	کیا آپ نے میرے سامان کا وزن کرلیا؟
كَمْ مُصَرَّحٌ لِي بِأَخْذِ الْأَمْتِعَةِ؟	مجھے کتنا سامان لیجانے کی اجازت ہے؟
أَيْنَ غُرْفَةُ الإِنْتِظَارِ؟	ویٹنگ روم کہاں ہے؟
حَجَزْتُ تَذْكِرَتِي مُقَدَّماً.	میں نے ٹکٹ ایڈوانس بک کرا رکھا ہے۔
أَيْنَ الرَّصِيفُ رَقْم (۴)؟	پلیٹ فارم نمبر (۴) کہاں ہے؟
هَلْ هٰذَا هُوَ الرَّصِيفُ الْمُخَصَّصُ لِقِطَارِ بُومْبَايْ؟	کیا بمبئی جانے والی گاڑی کا صحیح پلیٹ فارم یہی ہے؟
هَلِ الْقِطَارُ مُتَأَخِّرٌ؟	کیا گاڑی لیٹ ہے؟
اَلْقِطَارُ عَلَى وَشْكِ الْقِيَامِ.	گاڑی روانہ ہونے والی ہے۔
لِنَدْخُلَ.	ہمیں اندر چلنا چاہئے۔
اَلْقِطَارُ مُتَأَخِّرٌ لِسَاعَتَيْنِ.	گاڑی دو گھنٹہ لیٹ ہے۔
عَلَيْنَا أَنْ نَشْتَرِيَ مَجَلَّةً أَوْ جَرِيدَةً لِنَقْضِيَ هٰذَا الْوَقْتَ الطَّوِيلَ فِي قِرَاءَتِهَا.	ہمیں اخبار یا رسالہ خریدنا چاہئے تاکہ اسکو پڑھنے میں یہ طویل وقت گذر جائے۔
أَتَمَنَّى لَكَ رِحْلَةً مُوَفَّقَةً.	میں آپ کے لئے کامیاب سفر کی تمنا کرتا ہوں۔
يَاشَيَّالُ : إِهْتَمَّ بِحَقَائِبِنَا.	قلی: ہمارے سامان کا خیال رکھو۔
أَنَسْتَطِيعُ النُّزُولَ لِبُضْعِ لَحَظَاتٍ	کیا ہم کچھ دیر کے لئے نیچے اتر سکتے ہیں؟
أَتَسْمَحُ لِي بِغَلْقِ النَّافِذَةِ.	کیا آپ مجھے کھڑکی بند کرنیکی اجازت دینگے۔
مِنْ أَيْنَ أَنْتَ قَادِمٌ؟	آپ کہاں سے آرہے ہیں؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَنَا قَادِمٌ مِنْ دِلْهِي.	میں دہلی سے آرہا ہوں۔
اَلْمُسَافِرُوْنَ فِي الْقِطَارِ.	مسافر گاڑی میں ہیں۔
اَلْجَرَسُ يُدَقُّ وَالْقِطَارُ يَمْشِي.	گھنٹی بجتی ہے اور گاڑی چلتی ہے۔
اَلْقِطَارُ يَجْرِي إِلَى الأَمَامِ.	گاڑی سامنے کی طرف چل رہی ہے۔
اَلتَّدْخِيْنُ مَمْنُوْعٌ فِي الْقِطَارِ.	گاڑی میں سگریٹ نوشی ممنوع ہے۔

اَلأَلْفَاظُ وَمَعَانِيْهَا / الفاظ اور ان کے معنی

اَلْقِطَارَاتُ الْقَادِمَةُ	آنے والی گاڑیاں
اَلْقِطَارَاتُ الْمُغَادِرَةُ	جانے والی گاڑیاں
حَجْزُ الْمَقَاعِدِ	سیٹ ریزرویشن
مَكْتَبُ التَّذَاكِرِ	بکنگ آفس
صَالَةُ الإِنْتِظَارِ	ویٹنگ روم
نَاظِرُ الْمَحَطَّةِ	اسٹیشن ماسٹر
مَفْقُوْدَاتٌ	گم شدہ سامان
سَيِّدَاتٌ	خواتین
رِجَالٌ	مرد حضرات
إِسْتِعْلاَمَاتٌ	انکوائیری
مَكْتَبُ الإِسْتِعْلاَمَاتِ	انکوائری آفس
دَرَجَةٌ أُوْلٰى	فرسٹ کلاس
دَرَجَةٌ ثَانِيَةٌ	سیکنڈ کلاس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَرَبَةُ طَعَامٍ	ڈائننگ کار
عَرَبَةُ نَوْمٍ	سلیپنگ کوچ
خُطُوطٌ رَئِيسِيَّةٌ	مین لائنیں
مَمْنُوعٌ التَّدْخِينِ	سگریٹ نوشی منع ہے
مَدْخَلٌ	داخل ہونے کا راستہ
مُحَصِّلُ التَّذَاكِرِ	ٹکٹ کلکٹر
عَرَبَةُ قِطَارٍ	ویگن
مُحَرِّكٌ	انجن
مَقْصُورَةٌ	کمپارٹمنٹ
تَذْكِرَةٌ	ٹکٹ
مَقْعَدٌ	سیٹ
رَفُّ الأَمْتِعَةِ	سامان کا شیلف
حَارِسُ الْقِطَارِ	ریلوے گارڈ
صَفَّارَةٌ	سیٹی
عَلَمٌ	جھنڈی
جَدْوَلُ الْمَوَاعِيدِ	ٹائم ٹیبل
رَصِيفُ الْمَحَطَّةِ	پلیٹ فارم
رَقْمُ الرَّصِيفِ	پلیٹ فارم نمبر
مَأْمُورُ الإِشَارَةِ	سگنل مین
الإِشَارَاتُ	سگنل
قِطَارُ الْبَضَائِعِ	مال گاڑی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلسَّفَرُ بِالْأُتُوبِيْسِ / بس کا سفر

أَيْنَ مَحَطَّةُ الْأُتُوبِيْسَاتِ؟ بس اڈہ کہاں ہے؟

مَحَطَّةُ الْأُتُوبِيْسَاتِ تَقَعُ عَلَى بُعْدِ ثَلَاثَةِ كِيْلُوْ مِتْرَاتٍ مِنْ هُنَا. بس اڈہ یہاں سے تین کلو میٹر دور ہے۔

أَيُّ أُتُوبِيْسٍ أَرْكَبُ إِلَى دِلْهِيْ؟ دہلی کے لئے کونسی بس میں سوار ہوں؟

مَتَى يَقُوْمُ الْأُتُوبِيْسُ إِلَى دِلْهِيْ؟ دہلی جانے والی بس کب روانہ ہوتی ہے؟

هَلْ يَجِبُ أَنْ أُغَيِّرَ الْأُتُوبِيْسَ؟ کیا مجھے بس بدلنی ہوگی؟

مَا مُدَّةُ الرِّحْلَةِ؟ کتنی دیر کا سفر ہے؟

أَيْنَ مَكْتَبُ الْإِسْتِعْلَامَاتِ؟ انکوائری آفس کہاں ہے؟

أُرِيْدُ تَذْكِرَةً لِدِلْهِيْ. مجھے دہلی کا ایک ٹکٹ چاہئے۔

مَتَى سَنَصِلُ إِلَى دِلْهِيْ؟ ہم دہلی کب پہونچیں گے؟

سَنَصِلُ إِلَى دِلْهِيْ فِي السَّاعَةِ الثَّامِنَةِ مَسَاءً. ہم شام کو آٹھ بجے دہلی پہونچیں گے۔

قُلْ لِيْ مَتَى أَنْزِلُ مِنْ فَضْلِكَ؟ ذرا مجھے بتا دیجئے، کب اُترنا ہے؟

أُرِيْدُ أَنْ أَنْزِلَ فِيْ مَدِيْنَةِ عَلِيْكَرَهْ. مجھے علی گڑھ اُترنا ہے۔

مِنْ فَضْلِكَ أَنْزِلْنِيْ فِي الْمَحَطَّةِ الْقَادِمَةِ. براہِ مہربانی مجھے اگلے اسٹاپ پر اُتار دیجئے۔

أُرِيْدُ شَنْطَتِيْ مِنْ فَضْلِكَ. ذرا میں اپنا بریف کیس لے لوں

هَلْ يَوَقَّفُ هٰذَا الْأُتُوبِيْسُ فِيْ عَلِيْكَرَهْ؟ کیا یہ بس علی گڑھ رکتی ہے؟

نَعَمْ يَتَوَقَّفُ هُنَاكَ. ہاں: وہاں رکتی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَمْ يَتَوَقَّفُ هُنَاكَ؟ وہاں کتنی دیر رکتی ہے؟

يَتَوَقَّفُ هُنَاكَ لِعِدَّةِ دَقَائِقَ فَحَسْبُ. وہاں صرف چند منٹ کے لئے رکتی ہے۔

أَلسَّفَرُ بَرًّا / زمینی سفر

مَعْبَرٌ فَوْقِيٌّ، جِسْرٌ.	پل، فلائی اوور
مَعْبَرٌ سُفْلِيٌّ	زیرِ زمین راستہ
دَوَّارٌ	چوراہے پر بنایا گیا گول چکر (راؤنڈ اباؤٹ)
مَحَطَّةُ بِتْرُوْلٍ	پٹرول اسٹیشن
مِضَخَّةُ هَوَاءٍ	ایر پمپ
شَاحِنَةٌ مُقْفَلَةٌ	لاری، ویگن
حَافِلَةٌ، أُتُوْبِيْسٌ	بس
سَيَّارَةُ إِسْعَافٍ	ایمبولینس
نَاقِلَةُ بِتْرُوْلٍ	ٹینکر
عَرَبَةٌ مَقْطُوْرَةٌ	ٹھیلا، ٹریلر
شَاحِنَةٌ لِنَقْلِ السِّلَعِ	ٹرک یا ویگن
دَرَّاجَةٌ	سائیکل
دَرَّاجَةٌ نَارِيَّةٌ	موٹر سائیکل
دَرَّاجَةٌ بُخَارِيَّةٌ	اسکوٹر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلسَّفَرُ بِطَرِيْقِ الْبَحْرِ / سمندری سفر

أُرِيْدُ أَنْ أُسَافِرَ عَنْ طَرِيْقِ الْبَحْرِ. میں بحری سفر کرنا چاہتا ہوں۔

هَلْ هٰذِهِ الْبَاخِرَةُ مُتَّجِهَةٌ إِلَى إِسْتَرَالِيَا؟ کیا یہ جہاز آسٹریلیا جائے گا؟

هٰذِهِ الْبَاخِرَةُ مُرِيْحَةٌ جِدًّا. یہ جہاز بہت آرام دہ ہے۔

أَلْمَقَاصِيْرُ فِيْهَا فَسِيْحَةٌ. اس کے کیبن بڑے ہیں۔

كُلُّ مَقْصُوْرَةٍ مُكَيَّفَةٌ. ہر کیبن ایر کنڈیشنڈ ہے۔

مَتَى سَتُبْحِرُ الْبَاخِرَةُ؟ جہاز کب جائے گا؟

أُرِيْدُ أَنْ أَسْتَأْجِرَ مَكَانًا عَلَى سَطْحِ الْبَاخِرَةِ. میں ڈیک چیئر کرایہ پر لینا چاہتا ہوں۔

هَلْ تُعَانِيْ مِنَ الدُّوَارِ؟ کیا آپ کو چکر آ رہے ہیں؟

نَعَمْ أَصَابَنِيْ الدُّوَارُ. ہاں: مجھے چکر آ رہے ہیں۔

هَلْ مَعَكَ دَوَاءٌ لِلدُّوَارِ؟ کیا آپ کے پاس چکر کی کوئی دوا ہے؟

هُنَاكَ طَبِيْبٌ عَلَى ظَهْرِ الْبَاخِرَةِ. جہاز پر ایک ڈاکٹر ہے۔

أَيْنَ زَوَارِقُ النَّجَاةِ؟ جان بچانے والی کشتیاں کہاں ہیں؟

أَلْبَحْرُ هَائِجٌ جِدًّا. سمندر میں بہت طغیانی ہے۔

أَلآنَ نَحْنُ عَلَى الشَّاطِئِ سَالِمِيْنَ. اب ہم صحیح سلامت کنارے پر ہیں۔

هَلْ يُمْكِنُ لِيْ أَنْ أَتَكَلَّمَ مَعَ الْقُبْطَانِ؟ کیا میں کپتان سے بات کر سکتا ہوں؟

أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى السَّطْحِ. میں ڈیک پر جا رہا ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلأَلْفَاظُ وَمَعَانِيهَا / الفاظ اور ان کے معنی

اَلْبَحْرُ	سمندر
اَلْخَلِيْجُ	کھاڑی
سَفِيْنَةٌ	جہاز
زَوْرَقٌ	ناؤ
أَمْوَاجٌ	لہریں
سَاحِلٌ	کنارہ
مَلَّاحٌ بَحْرِيٌّ	جہازراں
اَلْمَنَارُ	لائٹ ٹاور
اَلْمُحِيْطُ	بحراعظم
يَخْتٌ	بادبانی کشتی
مِجْذَافٌ	پتوار
اَلْكَنُو	چھوٹی کشتی، ڈونگا۔
قَارَبٌ بُخَارِيٌّ	موٹر کشتی
مَرْكَبٌ لِنَقْلِ الْبَضَائِعِ	مال بردار کشتی
سَفِيْنَةُ صَيْدٍ	دام کشتی
نَاقِلَةُ نِفْطٍ	تیل بردار جہاز
ظَهْرُ السَّفِيْنَةِ	جہاز کا عرشہ
مِيْنَاءٌ	بندرگاہ
حَوْضُ رُسُوِّ السُّفُنِ	گودی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي مَكْتَبِ الْجَمَارِكِ / کسٹم آفس میں

أَيْنَ مَكْتَبُ الْجَمَارِكِ؟	کسٹم آفس کہاں ہے؟
هَلْ ذَهَبْتَ إِلَى مَكْتَبِ الْجَمَارِكِ؟	کیا آپ کسٹم آفس گئے ہیں؟
لاَ : لَمْ أَذْهَبْ بَعْدُ.	نہیں، ابھی نہیں گیا ہوں۔
عَلَيْنَا أَنْ نَذْهَبَ إِلَى مَكْتَبِ الْجَمَارِكِ.	آیئے کسٹم آفس چلیں۔
أَيْنَ عَفْشُكَ؟	آپ کا سامان کہاں ہے؟
هَلْ هٰذَا الْعَفْشُ لَكَ؟	کیا یہ سامان آپ کا ہے؟
عَفْشِي هُنَا.	میرا سامان یہاں ہے۔
هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ يَسْتَحِقُّ الرُّسُوْمَ؟	کیا آپ کے پاس ڈیوٹی لگنے والی کوئی چیز ہے؟
لاَ يَا سَيِّدِي : لَيْسَ عِنْدِي شَيْءٌ يَسْتَحِقُّ الرُّسُوْمَ.	نہیں جناب میرے پاس ڈیوٹی لگنے والی کوئی چیز نہیں۔
إِفْتَحْ هٰذِهِ الْحَقِيْبَةَ مِنْ فَضْلِكَ بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا سَيِّدِي.	براہِ مہربانی یہ سوٹ کیس کھولیئے۔ بخوشی جناب!
هَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ مِنَ الْمَمْنُوْعَاتِ؟	کیا آپ کے پاس کوئی ممنوع چیز ہے؟
لاَ : عِنْدِي بَعْضُ الْهَدَايَا وَالْمَلاَبِسُ فَقَطْ.	نہیں میرے پاس کچھ تحفے اور کپڑے ہیں۔
هَلْ يَجِبُ عَلَيَّ أَنْ أَمْلأَ هٰذِهِ الإِسْتِمَارَةَ؟	کیا مجھے یہ فارم پُر کرنا ہوگا؟
لاَ : لاَ حَاجَةَ إِلَى ذٰلِكَ.	نہیں: اس کی کوئی ضرورت نہیں۔
هَلْ مَعَكَ نُقُوْدٌ أَجْنَبِيَّةٌ؟	کیا آپ کے پاس غیر ملکی رقم ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لاَ : لَيْسَتْ مَعِي نُقُوْدٌ أَجْنَبِيَّةٌ . نہیں میرے پاس غیر ملکی رقم نہیں ہے۔

اَلْجُمْرُكُ کسٹم

قَوَانِيْنُ قوانین

غَرَامَةٌ جرمانہ

ضَرِيْبَةٌ ٹیکس/ڈیوٹی

تَصْرِيْحٌ لائسنس

خَالِي الضَّرِيْبَةِ /مُعْفًى مِنَ الرُّسُوْمِ ڈیوٹی فری

عَفْشٌ سامان

تَهْرِيْبٌ اسمگلنگ

مُهَرِّبٌ اسمگلر

مُفَتِّشٌ انسپکٹر

مَعَ سَائِقِ سَيَّارَةِ الْأُجْرَةِ ٹیکسی ڈرائیور کے ساتھ

أَيْنَ يُمْكِنُنِي أَنْ أَجِدَ سَيَّارَةَ أُجْرَةٍ؟ مجھے ٹیکسی کہاں مل سکتی ہے؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُحْضِرَلِي سَيَّارَةَ أُجْرَةٍ؟ کیا آپ میرے لئے ٹیکسی لا سکتے ہیں؟

إِذْهَبْ بِي إِلَى هٰذَا الْعُنْوَانِ. مجھے اس پتے پر لے چلو۔

كَمْ سَيُكَلِّفُ ذٰلِكَ؟ کتنا کرایہ لگے گا؟

هٰذَا غَالٍ جِدًّا. یہ تو بہت زیادہ ہے۔

سِرْ فِي خَطٍّ مُسْتَقِيْمٍ. سیدھے چلو۔

دُرْ إِلَى الْيَمِيْنِ. دائیں مڑو۔

دُرْ إِلَى الْيَسَارِ عِنْدَ الزَّاوِيَةِ الْقَادِمَةِ. اگلے موڑ سے بائیں مڑو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سَأَقُوْلُ لَکَ مَتَی تَتَوَقَّفُ.	میں تمہیں بتاؤں گا کب رکنا ہے۔
قِفْ.	رکو۔
إِنَّنِي مُسْتَعْجِلٌ.	میں جلدی میں ہوں۔
لَا تَقْلَقْ.	پریشان مت ہو۔
هَلْ يُمْكِنُکَ أَنْ تَحْمِلَ أَمْتِعَتِيْ؟	کیا تم میرا سامان اٹھا سکتے ہو؟
خُذْنِي إِلَى الْفُنْدُقِ.	مجھے ہوٹل لے چلو۔
خُذْنِي إِلَى السُّوْقِ.	مجھے بازار لے چلو۔
کَمْ يَبْعُدُ مِنْ هُنَا؟	یہاں سے کتنی دور ہے؟
إِنَّهُ لَيْسَ بَعِيْداً جِدًّا.	زیادہ دور نہیں ہے۔
أَرْجُوْکَ أَنْ تَقُوْلَ لِيْ مَتَی أَنْزِلُ.	براہ کرم مجھے بتایئے کب اترنا ہے۔
کَمْ يَجِبُ أَنْ أَدْفَعَ؟	کتنے پیسے دوں؟
هٰذِهِ لَيْسَتِ الْأُجْرَةَ الَّتِي اتَّفَقْنَا عَلَيْهَا.	یہ تو وہ کرایہ نہیں ہے جو طے ہوا تھا۔
کُنَّا اتَّفَقْنَا عَلَى خَمْسِيْنَ رُوْبِيَّةً.	پچاس روپے طے ہوئے تھے۔
أَلَا تَتَذَکَّرُ؟	کیا آپ کو یاد نہیں رہا؟
قِفْ هُنَا.	یہاں رکئے۔
إِنْتَظِرْنِي مِنْ فَضْلِکَ.	ذرا میرا انتظار کیجئے۔
إِلَى أَيْنَ تُرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ؟	آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ الذَّهَابَ إِلَى الْمَتْحَفِ.	میں میوزیم جانا چاہتا ہوں۔
أَرِنِي الْمَدِيْنَةَ.	مجھے شہر دکھا دیجئے۔
کَمْ سَتَکُوْنُ الْأُجْرَةُ؟	کتنا کرایہ ہوگا؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلْفُنْدُقُ / ہوٹل

فِيْ أَيِّ فُنْدُقٍ تَنْوِي الإِقَامَةَ؟	آپکا کونسے ہوٹل میں قیام کرنیکا ارادہ ہے؟
أَنْوِي الإِقَامَةَ فِي فُنْدُقٍ مِنَ الدَّرَجَةِ الأُوْلٰى.	میرا کسی فائیو اسٹار ہوٹل میں قیام کرنے کا ارادہ ہے۔
هَلِ الْخِدْمَةُ مُمْتَازَةٌ هُنَاكَ؟	کیا وہاں سروس اچھی ہے؟
نَعَمْ: اَلْخِدْمَةُ مُمْتَازَةٌ وَالأَسْعَارُ مُعْتَدِلَةٌ.	ہاں! سروس اچھی ہے اور ریٹ مناسب ہیں۔
أُرِيْدُ غُرْفَةً لِشَخْصٍ.	مجھے سنگل روم چاہئے۔
أُرِيْدُ غُرْفَةً بِسَرِيْرَيْنِ.	مجھے دو بیڈ والا کمرہ چاہئے۔
أُرِيْدُ غُرْفَةً تُطِلُّ عَلَى الْحَدِيْقَةِ.	مجھے باغ کے مقابل کمرہ چاہئے۔
لاَ بُدَّ أَنْ تَكُوْنَ الْغُرْفَةُ هَادِئَةً	کمرہ پرسکون ہونا چاہئے۔
هَلْ يُوْجَدُ تَكْيِيْفُ هَوَاءٍ /تَدْفِئَةٌ؟	کیا ایر کنڈیشن ہے؟
هَلْ يُوْجَدُ تِلِيْفُوْنٌ فِي الْغُرْفَةِ؟	کیا کمرہ میں ٹیلیفون ہے؟
هَلْ تُوْجَدُ تَسْهِيْلاَتُ الْمَغْسَلَةِ؟	کیا لانڈری کی سہولت ہے؟
كَمْ يَوْمًا سَتَبْقَوْنَ هُنَا؟	آپ یہاں کتنے دن رہیں گے؟
سَنَبْقٰى هُنَا بِضْعَةَ أَيَّامٍ.	ہم یہاں چند روز رہیں گے۔
لاَ أَعْرِفُ بَعْدُ.	مجھے ابھی معلوم نہیں۔
فِي أَيِّ طَابَقٍ تُرِيْدُ الْغُرْفَةَ.	آپ کون سی منزل پر کمرہ چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ الْغُرْفَةَ فِيْ أَحَدِ الطَّوَابِقِ الْعُلْيَا.	میں اوپر کی منزلوں میں سے کسی میں کمرہ چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَرَى الْغُرْفَةَ.	میں کمرہ دیکھنا چاہتا ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لاَ : إنَّهَا لاَ تُعْجِبُنِي.	نہیں! یہ مجھے پسند نہیں آیا۔
إنَّهَا صَغِيْرَةٌ جِدًّا.	یہ بہت چھوٹا ہے۔
هَلْ عِنْدَكَ غُرْفَةٌ أَكْبَرُ مِنْهَا؟	کیا آپ کے پاس اس سے بڑا کمرہ ہے؟
كَمِ الْأُجْرَةُ لِهٰذِهِ الْغُرْفَةِ؟	اس کمرہ کا کیا کرایہ ہے؟
مِنْ فَضْلِكَ أَرْسِلِ الْحَقَائِبَ فَوْقَ.	براہ کرم سامان اوپر بھیجئے۔
أُطْلُبْ مِنْ خَادِمِ الْغُرْفَةِ أَنْ يَأْتِيَ فَوْقَ.	کمرہ کے نوکر سے کہئے کہ وہ اوپر آئے۔
هَلْ يُوْجَدُ حَمَّامٌ فِي هٰذِهِ الْغُرْفَةِ؟	کیا اس کمرہ میں غسل خانہ ہے؟
مِنْ فَضْلِكَ أَرْسِلْ لَنَا الشَّايَ.	ذرا ہمارے لئے چائے بھیجئے۔
هَلْ تُوْجَدُ فِي الْغُرْفَةِ طَفَّايَةُ سَجَائِرَ؟	کیا کمرہ میں ایش ٹرے ہے۔
مُكَيِّفُ الْهَوَاءِ لاَ يَعْمَلُ.	ایر کنڈیشنر کام نہیں کر رہا ہے۔
اَلْحَوْضُ مَسْدُوْدٌ.	واش بیسن بند ہے۔
اَلشُّبَّاكُ مِنَ السَّعْبِ فَتْحُهُ.	کھڑکی مشکل سے کھلتی ہے۔
هَذَا لَيْسَ حِذَائِي.	یہ میرے جوتے نہیں ہیں۔
سَاعَتِي ضَاعَتْ.	میری گھڑی کھو گئی۔
لَقَدْ تَرَكْتُ الْمِفْتَاحَ فِي غُرْفَتِي	میں نے چابی اپنے کمرہ میں چھوڑ دی ہے
لَمْبَةُ النُّوْرِ مَحْرُوْقَةٌ.	بلب جلا ہوا ہے۔
هَلْ يُمْكِنُ إصلاَحُهَا؟	کیا یہ ٹھیک ہو سکتا ہے؟
هَلْ إتَّصَلَ بِي أَحَدٌ تِلِيْفُوْنِيًّا؟	کیا کسی نے مجھے ٹیلیفون کیا تھا؟
هَلْ يُمْكِنُكَ إرْسَالُ هٰذَا بِالْبَرِيْدِ؟	کیا آپ اس کو ڈاک سے بھیج سکتے ہیں؟
أُرِيْدُ فَاتُوْرَةَ حِسَابِي.	میں اپنا بل چاہتا ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْ فَضْلِکَ جَهِّزْلِي الْفَاتُوْرَةَ. ذرا بل تیار کر لیجئے۔

سَأَرْحَلُ مُبَكِّراً صَبَاحَ الْغَدِ. میں کل صبح سویرے چلا جاؤں گا۔

أَظُنُّ أَنَّکَ أَخْطَأْتَ فِي حِسَابِ الْفَاتُوْرَةِ. میرے خیال میں آپ نے یہ بل غلط بنایا ہے۔

مِنْ فَضْلِکَ اُطْلُبْ لَنَا تَاكْسِي. ذرا ہمارے لئے ٹیکسی منگوایئے۔

مَاهُوَ مَوْعِدُ الطَّائِرَةِ الْمُغَادِرَةِ إِلَى دِلْهِي؟ دہلی جانے والے جہاز کا وقت کیا ہے؟

مِنْ فَضْلِکَ أَرْسِلْ أَحَداً لِإِنْزَالِ الْحَقَائِبِ. ذرا کسی کو سامان نیچے لے جانے کے لئے بھیج دیجئے۔

إِنَّنَا فِي غَايَةِ الْإِسْتِعْجَالِ. ہم بہت جلدی میں ہیں۔

كَانَتِ الْإِقَامَةُ مُمْتِعَةً جِدًّا. قیام بہت عمدہ رہا۔

فُوْطَةٌ تولیہ

مِخَدَّةٌ تکیہ

بَطَانِيَّةٌ کمبل

صَابُوْنٌ صابن

عَلَّاقَةٌ ہینگر

لَمْبَةٌ لِلْقِرَاءَةِ ریڈنگ لیمپ

غُرْفَةٌ بِسَرِيْرٍ وَاحِدٍ سنگل روم

غُرْفَةٌ بِسَرِيْرَيْنِ ڈبل روم

سُفَرَجِيٌّ ویٹر

خَادِمٌ نوکر

مَغْسَلَةٌ لانڈری

صَالُوْنٌ لاؤنج

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صَالَةٌ	ہال
خِدْمَةُ الْغُرْفَةِ	روم سروس
فُوْطَةُ حَمَّامٍ	باتھ تولیہ
مُكَالَمَةٌ تِلِيْفُوْنِيَّةٌ	ٹیلیفون کال
كَابِيْنَةُ تِلِيْفُوْنٍ	ٹیلیفون بوتھ
عَامِلُ التِّلِيْفُوْنِ	ٹیلیفون آپریٹر
قَطْعُ الْمُكَالَمَةِ	لائن کاٹنا
مُكَالَمَةٌ خَارِجِيَّةٌ	ٹرنک کال
عُدَّةُ حِلَاقَةٍ كَهْرَبَائِيَّةٍ	الیکٹرک شیونگ مشین
فَكَّةٌ	ریزگاری
رَخِيْصٌ	سستا
غَالٍ	مہنگا

إِسْتِئْجَارُ شُقَّةٍ / فلیٹ کرایہ پر لینا

أُرِيْدُ أَنْ أَسْتَاجِرَ شُقَّةً. میں ایک فلیٹ کرایہ پر لینا چاہتا ہوں۔

فِيْ أَيِّ طَابَقٍ تُرِيْدُهَا؟ آپ کو فلیٹ کونسی منزل پر چاہئے؟

أُرِيْدُهَا فِي الطَّابَقِ الْأَوَّلِ. مجھے پہلی منزل پر چاہئے۔

هَلْ تُرِيْدُ شُقَّةً مَفْرُوْشَةً أَوْ غَيْرَ مَفْرُوْشَةٍ؟ آپ فرنیچر لگا ہوا فلیٹ چاہتے ہیں یا بغیر فرنیچر کا؟

أُرِيْدُ شُقَّةً مَفْرُوْشَةً. میں فرنیچر لگا ہوا فلیٹ چاہتا ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَكِنَّهَا غَالِيَةٌ جِدًّا.	لیکن وہ بہت مہنگا ہے۔
لاَبَأْسَ.	کوئی حرج نہیں۔
كَمِ الإِيْجَارُ؟	کرایہ کتنا ہے؟
أَلْفُ رُوْبِيَّةٍ شَهْرِيًّا وَسَنَأْخُذُ إِيْجَارَ سِتَّةِ شُهُوْرٍ مُقَدَّماً.	ایک ہزار روپیہ ماہانہ، اور ہم چھ ماہ کا کرایہ ایڈوانس لیں گے۔
هَلْ هِيَ مَزْوَّدَةٌ بِجَمِيْعِ التَّسْهِيْلاَتِ الْعَصْرِيَّةِ؟	کیا وہ تمام جدید سہولتوں سے آراستہ ہے۔
دَعْنِيْ أَرَاهَا.	مجھے دیکھنے دیجئے۔
هٰذِهِ الشُّقَّةُ كَبِيْرَةٌ جِدًّا.	یہ فلیٹ بہت بڑا ہے۔
أُرِيْدُ شُقَّةً ذَاتَ غُرْفَتَيِ النَّوْمِ فَقَطْ.	میں صرف دو بیڈروم والا فلیٹ چاہتا ہوں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ شُقَّةٌ بِهٰذَا الْوَصْفِ؟	کیا آپ کے پاس اس طرح کا فلیٹ ہے؟
نَعَمْ : مَوْجُوْدَةٌ.	جی ہاں: ہے۔
فِيْ أَيِّ طَابَقٍ هِيَ؟	وہ کونسی منزل پر ہے؟
هِيَ فِي الطَّابَقِ الثَّالِثِ.	وہ تیسری منزل پر ہے۔
هَلْ هِيَ تُطِلُّ عَلَى الشَّارِعِ.	کیا وہ سڑک کی جانب ہے؟
لِكَمْ مُدَّةً تُرِيْدُهَا؟	آپکو کتنے عرصے کے لئے چاہئے؟
أُرِيْدُهَا لِسَنَةٍ وَاحِدَةٍ.	مجھے ایک سال کے لئے چاہئے۔
هَلِ الإِيْجَارُ يَشْمَلُ الْمَاءَ وَالْكَهْرَبَاءَ.	کیا کرایہ میں پانی اور بجلی بھی شامل ہے؟
نَعَمْ : طَبْعاً.	جی ہاں: یقیناً۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْمَطْعَمُ / ریسٹورنٹ

مِنْ فَضْلِکَ اِنْصَحْنِيْ بِمَطْعَمٍ جَيِّدٍ وَرَخِيْص. براہِ کرم کوئی اچھا اور سستا ریسٹورینٹ بتایئے۔

نَحْنُ أَرْبَعَةُ أَفْرَادٍ. ہم چار افراد ہیں۔

أَهْلاً وَسَهْلاً يَا سَادَتِيْ. آیئے تشریف لایئے حضرات!

نُرِيْدُ أَنْ نَحْجُزَ طَاوِلَةً بِجَانِبِ الشُّبَّاکِ. ہم کھڑکی کے قریب میز ریزرو کرنا چاہتے ہیں۔

مَاذَا تُحِبُّوْنَ أَنْ تَتَنَاوَلُوْا. آپ کیا کھانا چاہتے ہیں؟

قَائِمَةَ الطَّعَامِ مِنْ فَضْلِکَ. ذرا مینو لایئے۔

هَاهِيَ قَائِمَةُ الطَّعَامِ. یہ ہے مینو۔

دَعْنَا نَرَى مَاذَا عِنْدَکُمُ الْيَوْمَ؟ دیکھیں آج آپ کے پاس کیا ہے؟

يُمْكِنُکَ إِخْتِيَارُ الْوَجَبَاتِ مِنَ الْقَائِمَةِ؟ آپ مینو سے چیزیں منتخب کر سکتے ہیں؟

أَيُّ أَصْنَافِ اللَّحْمِ عِنْدَکُمْ؟ آپ کے پاس گوشت کی کونسی قسمیں ہیں؟

عِنْدَنَا صُنُوْفٌ كَثِيْرَةٌ مِنَ اللَّحْمِ وَالْأَطْعِمَةِ الْأُخْرَى. ہمارے پاس گوشت اور دوسرے کھانوں کی بہت سی قسمیں ہیں۔

هَلْ عِنْدَکَ لَحْمُ غَنَمٍ وَدَجَاجٌ مَقْلِيٌّ؟ کیا آپ کے پاس بکرے کا گوشت اور بھنی ہوئی مرغی ہے؟

هَاتِ دَجَاجاً مَقْلِيًّا وَلَحْمَ بَقَرٍ وَصَاصَةً. بھنا ہوا مرغ، گائے کا گوشت اور چٹنی لایئے۔

هَلْ تُرِيْدُ الْخُبْزَ أَيْضاً؟ کیا آپ روٹی بھی لیں گے؟

طَبْعاً ، سَنَأْخُذُ الْخُبْزَ أَيْضاً. یقیناً ہم روٹی بھی لیں گے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَاتِ الْمَاءَ الْبَارِدَ.	ٹھنڈا پانی لائیے۔
أُرِيْدُ شَيْئاً مِنَ الْحَلْوَى.	مجھے کوئی میٹھی چیز چاہئے۔
أَعْطِنَا طَبَقَيْنِ مِنَ الرُّزِّ وَطَبَقاً مِنَ السَّمَكِ.	ہمیں دو پلیٹ چاول اور ایک پلیٹ مچھلی دیجئے۔
هَاتِ السُّكَّرَ وَاللَّيْمُوْنَ.	چینی اور لیمو لائیے۔
هَاتِ الْمِلْحَ وَالْفِلْفِلَ.	نمک اور مرچ لائیے۔
أَحْضِرْ سِكِّيْناً وَشَوْكَةً.	ایک چھری اور کانٹا لائیے۔
نُرِيْدُ الْجُبْنَ وَالْخَلَّ.	ہمیں پنیر اور سرکہ چاہئے۔
أَحْظِرْ مِلْعَقَةً كَبِيْرَةً وَمِلْعَقَةَ شَايٍ.	ایک بڑا چمچہ اور ایک چائے کا چمچہ لائیے۔
هَاتِ كَأْسَ الْمَاءِ وَفِنْجَانَ الشَّايِ.	پانی کا گلاس اور چائے کی پیالی لائیے۔
هَلْ يُوْجَدُ عِنْدَكُمُ الثَّلْجُ؟	کیا آپ کے پاس برف ہے؟
نُرِيْدُ قَهْوَةً سَوْدَاءَ.	ہمیں بلیک کافی چاہئے۔
أُرِيْدُ كُوْباً مِنَ الشَّايِ.	مجھے ایک پیالی چائے کی چاہئے۔
أُطْلُبِ الْجَرْسُوْنَ.	ویٹر کو بلائیے۔
هٰذِهِ الْمَائِدَةُ لَيْسَتْ نَظِيْفَةً.	یہ میز صاف نہیں ہے۔
نَظِّفْهَا مِنْ فَضْلِكَ.	ذرا اس کو صاف کیجئے۔
أَحْضِرْ مِنْدِيْلاً وَطَبَقاً نَظِيْفاً.	ایک نیپکن اور ایک صاف پلیٹ لائیے۔
أُرِيْدُ شَيْئاً خَفِيْفاً مِنَ الْحَلْوَى.	میٹھے میں کوئی ہلکی چیز چاہتا ہوں۔
هَاتِ الْفَاتُوْرَةَ مِنْ فَضْلِكَ.	ذرا بل لائیے۔
هَلْ هٰذِهِ تَشْمَلُ الْخِدْمَةَ؟	کیا اس میں سروس بھی شامل ہے؟
هَلْ تَقْبَلُوْنَ الشِّيْكَاتِ السِّيَاحِيَّةَ؟	کیا آپ ٹریولرس چیک لیتے ہیں؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كَمْ نَدْفَعُ؟ کیا پیش کریں؟

خَمْسِيْنَ رُوْبِيَةً وَ خَمْسِيْنَ بَيْسَةً . پچاس روپے اور پچاس پیسے۔

شُكْراً ، هٰذَا لَكَ . شکریہ، یہ آپ کے لئے ہے۔

كَانَ الطَّعَامُ جَيِّداً وَأَعْجَبَنَا جِدًّا. کھانا اچھا تھا اور ہمیں بہت پسند آیا۔

سَنَأْتِيْ مَرَّةً ثَانِيَةً. ہم پھر آئیں گے۔

فِي الْمَدِيْنَةِ / شہر میں

مِنْ أَيْنَ يُمْكِنُ أَنْ نَسْتَأْجِرَ سَيَّارَةً؟ ہم کار کہاں سے کرائے پر لے سکتے ہیں؟

إِلَى أَيْنَ يُؤَدِّيْ هٰذَا الشَّارِعُ ؟ یہ سڑک کہاں تک جاتی ہے؟

إِلَى السُّوْقِ الرَّئِيْسِيِّ. صدر بازار تک۔

مَاهُوَ أَقْرَبُ طَرِيْقٍ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ؟ ڈاک خانے جانے کے لئے سب سے قریب راستہ کون سا ہے؟

مِنْ أَيْنَ يَنْطَلِقُ الْبَاصُ؟ بس کہاں سے چلتی ہے؟

أَيْنَ أَقْرَبُ مَسْجِدٍ؟ قریب ترین مسجد کہاں ہے؟

هَلْ يُمْكِنُ الإِهْتِدَاءُ إِلَى الطَّرِيْقِ بِسُهُوْلَةٍ؟ کیا راستہ آسانی سے مل سکتا ہے؟

أَجَلْ : إِتَّجِهْ إِلَى الْيَمِيْنِ ثُمَّ الْزَمْ الْجَانِبَ الأَيْسَرَ. جی ہاں : دائیں جانب چلئے پھر بائیں جانب چلتے رہیے۔

ثَانِيْ مُنْعَطَفٍ إِلَى الْيَسَارِ. بائیں جانب دوسرا موڑ۔

يُمْكِنُكَ الآنَ عُبُوْرُ الشَّارِعِ، لأَنَّ الضَّوْءَ الأَخْضَرَ مُضَاءٌ. اب آپ سڑک پار کر سکتے ہیں، کیوں کہ سبز بتی جل رہی ہے۔

إِشَارَاتُ الْمُرُوْرِ الضَّوْئِيَّةُ تُفِيْدُ كَثِيْراً. ٹریفک بتیاں بہت کارآمد ہوتی ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لاَ تَنْزِلْ عَنِ الرَّصِيفِ. فٹ پاتھ پر سے نیچے مت اتریئے۔

حَرَكَةُ الْمُرُورِ فِي الشَّوَارِعِ الرَّئِيسِيَّةِ مُزْدَحِمَةٌ جِداً. اہم سڑکوں پر ٹریفک بہت زیادہ ہے۔

الشَّوَارِعُ الْجَانِبِيَّةُ ضَيِّقَةٌ نِسَبِيًّا. ذیلی سڑکیں نسبتاً تنگ ہیں۔

لَقَدْ ضَلَلْتُ طَرِيقِي إِلَى مَحَطَّةِ السِّكَّةِ الْحَدِيدِيَّةِ. میں ریلوے اسٹیشن کا راستہ بھٹک گیا ہوں۔

كَمْ مِنَ الْوَقْتِ يَلْزَمُ لِلْوُصُولِ إِلَى هُنَاكَ؟ وہاں پہونچنے میں کتنی دیر لگے گی؟

فَقَطْ بِضْعُ دَقَائِقَ. صرف چند منٹ۔

هَلْ هٰذَا هُوَ الْمَدْخَلُ الرَّئِيسِيُّ إِلَى الْمُسْتَشْفَى؟ کیا ہسپتال کا صدر دروازہ یہی ہے؟

أَجَلْ. جی ہاں۔

إِذَا كُنْتَ فِي عَجَلَةٍ إِسْتَعْمِلِ السُّلَّمَ الْمُتَحَرِّكَ. اگر آپ جلدی میں ہیں تو متحرک زینہ استعمال کیجئے۔

وَلٰكِنْ لاَ تَجْلِسْ عَلَى الدَّرَجِ وَإِنَّمَا يَجِبُ عَلَيْكَ أَنْ تُمْسِكَ الدَّرَابْزِينَ. لیکن آپ سڑھی پر مت بیٹھئے بلکہ ریلنگ کو پکڑے رہئے۔

أَيْنَ آخِرُ مَحَطَّةِ التَّرَامِ؟ ٹرام کا آخری اسٹیشن (ٹرمینس) کہاں ہے؟

فِي نِهَايَةِ هٰذَا الطَّرِيقِ الْعَامِّ. اس عام شاہراہ کے آخر میں۔

كَيْفَ أَسْتَطِيعُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى ضَوَاحِي الْمَدِينَةِ؟ میں شہر کے نواح میں کیسے جا سکتا ہوں؟

أَنْصَحُكَ أَنْ تَأْخُذَ لِمِتْرُو (قِطَارٌ تَحْتَ الأَرْضِ) میرا مشورہ ہے کہ آپ میٹرو (انڈر گراؤنڈ ریلوے) سے جایئے۔

وَيُمْكِنُكَ أَيْضاً أَنْ تَسْتَقِلَّ الْبَاصَ إِذَا أَرَدْتَ ذٰلِكَ. اور اگر آپ چاہیں تو بس سے بھی جا سکتے ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُخْبِرَنِي بِالطَّرِيقِ الْمُؤَدِّي إِلَى الْجَامِعَةِ؟ — کیا آپ مجھے یونیورسٹی تک جانے والا راستہ بتا سکتے ہیں؟

إِرْكَبِ الْبَاصَ رَقْمَ ٢٠٥ وَانْزِلْ فِي آخِرِ الْمَحَطَّةِ. — آپ بس نمبر ۲۰۵ لیجئے اور آخری اسٹاپ پر اتر جایئے۔

هَلْ مَرْكَزُ الشُّرْطَةِ قَرِيبٌ مِنْ هُنَا؟ — کیا پولیس اسٹیشن یہاں سے قریب ہے؟

نَعَمْ: يَقَعُ مَرْكَزُ الشُّرْطَةِ بِالْقُرْبِ مِنْ مَحَطَّةِ الإِطْفَائِيَّةِ. — جی ہاں: پولیس اسٹیشن فائر بریگیڈ کے قریب واقع ہے۔

أَيْنَ دَارُ الْكُتُبِ الْعَامَّةِ؟ — پبلک لائبریری کہاں ہے۔

إِنَّهَا فِي طَرِيقِي، يُمْكِنُكَ أَنْ تُرَافِقَنِي. — وہ میرے راستے میں ہے، آپ میرے ساتھ چل سکتے ہیں۔

هٰذَا الطَّرِيقُ لَا يُسْمَحُ فِيهِ بِمُرُورِ الْمُشَاةِ. — پیدل چلنے والوں کو اس راستے سے گذرنے کی اجازت نہیں ہے۔

مَمْنُوعُ الْمُرُورِ. — گذرنا منع ہے۔

مَمْنُوعُ وُقُوفِ السَّيَّارَاتِ هُنَا. — یہاں گاڑی پارک کرنا منع ہے۔

يُمْكِنُكَ أَنْ تُوقِفَ سَيَّارَتَكَ فِي مَكَانٍ آخَرَ. — آپ اپنی گاڑی کسی دوسری جگہ کھڑی کر سکتے ہیں۔

شَوَارِعُ وَسَطِ الْمَدِينَةِ صَاخِبَةٌ عَادَةً. — قلب شہر کی سڑکوں پر عام طور سے بڑا شور وغل ہوتا ہے۔

حَرَكَةُ الْمُرُورِ شَدِيدَةٌ وَمَعَ ذٰلِكَ فَهِيَ مُنْتَظِمَةٌ. — ٹریفک بہت ہے لیکن اس کے باوجود باقاعدہ طور پر چل رہا ہے۔

تَتَخَلَّلُ جَمِيعَ أَنْحَاءِ الْعَاصِمَةِ شَبَكَةٌ وَاسِعَةٌ مِنْ وَسَائِلِ الْمُوَاصَلَاتِ الْعَامَّةِ. — دارالحکومت کے تمام علاقوں میں نقل وحمل کے وسائل کا ایک بڑا جال بچھا ہوا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَرَبَاتُ التَّرَامِ وَالأُتُوبِيسِ هِيَ الأَكْثَرُ شُيُوْعاً.

ٹرام اور بسوں کا زیادہ رواج ہے۔

تَجِدُ فِي قَلْبِ الْمَدِيْنَةِ عَدَداً مِنَ الْمَتَاجِرِ التَّنْوِيْعِيَّةِ حَيْثُ يُمْكِنُكَ أَنْ تَشْتَرِيَ بِسُهُوْلَةٍ أَيَّ شَيْءٍ تَحْتَاجُ إِلَيْهِ.

شہر کے وسط میں آپ کو بڑے ڈپارٹمنٹ اسٹور (بڑے خوردہ فروش ادارے) ملیں گے جہاں سے آپ اپنی ضرورت کی کوئی بھی چیز آسانی سے خرید سکتے ہیں۔

تَعْرِضُ هٰذِهِ الْمَتَاجِرُ التَّنْوِيْعِيَّةُ حَاجَاتِهَا الْهَامَّةَ فِي الْوَاجِهَاتِ عَرْضاً جَذَّاباً مُسْتَخْدِمَةً فِي ذٰلِكَ كُلَّ حِيْلَةٍ يُمْكِنُ أَنْ تَجْذِبَ إِنْتِبَاهَ الْمَارَّةِ.

یہ ڈپارٹمنٹ اسٹور اپنی اہم اشیاء کی بڑی پرکشش انداز میں نمائش کرتے ہیں ہر وہ طریقہ اپناتے ہوئے جس سے گذرنے والوں کو اپنی طرف متوجہ کر سکیں۔

وَمَاذَا عَنِ الْمَحَلَّاتِ الْعَادِيَّةِ الأُخْرَى؟ إِنَّكَ تَعْنِي الْمَحَلَّاتِ الَّتِي تَتَاجِرُ فِي صِنْفٍ وَاحِدٍ مِنَ الْبَضَائِعِ مِثْلِ مَحَلَّاتِ الْفَاكِهَةِ، وَمَحَلَّاتِ الْبَقَّالَةِ، وَالأَزْهَارِ، وَالْحَلْوِيَّاتِ، وَالأَدْوِيَةِ، وَالأَغْذِيَةِ وَالْهَدَايَا وَ الْمُجَوْهَرَاتِ.

اور دوسری عام دکانوں کے بارے میں کچھ بتایئے۔ آپ کا مقصد ہے ایسی دکانیں جو ایک ہی قسم کا سامان فروخت کرتی ہیں جیسے پھلوں کی دکانیں، کرانہ کی دکانیں، پھولوں، مٹھائیوں، دواؤں، خوردنی اشیاء، تحفوں اور زیورات کی دکانیں۔

حَيْثُمَا تَذْهَبُ تَجِدُ مَحَلَّاتِ الْحَلْوَى وَعَصِيْرِ الْفَوَاكِهِ وَالْكَافِيْتِيْرِيَا وَالْمَقَاهِي حَيْثُ تُقَدَّمُ أَنْوَاعٌ مُخْتَلِفَةٌ مِنَ الْمُرَطِّبَاتِ.

جہاں بھی آپ جائیں گے وہاں آپ کو مٹھائیوں کی دکانیں، پھلوں کے رس کی دکانیں، چائے خانے اور کیفے ملیں گے جہاں ہلکے پھلکے مشروبات پیش کئے جاتے ہیں۔

إِذَا اشْتَقْتَ إِلَى التَّسْلِيَةِ فَهُنَاكَ الْعَدِيْدُ مِنْ دُوْرِ السِّيْنَمَا وَالْمَسَارِحِ وَالنَّوَادِي اللَّيْلِيَّةِ.

اگر آپ کو تفریح کا شوق ہے تو وہاں بہت سے سینما ہال، تھیٹر اور نائٹ کلب ہیں۔

وَفِي اللَّيْلِ تُضْفِي أَضْوَاءُ الْفُلُوْرِ سِنْتِ عَلَى الْمَدِيْنَةِ مَظْهَراً خَلَّاباً بَهِيْجاً.

اور رات کے وقت برقی روشنیاں شہر کا بڑا دلکش اور روح پرور منظر پیش کرتی ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلْمَدِيْنَةُ / شہر

مَدِيْنَةٌ	شہر
مَبَانِيْ	عمارات
شَوَارِعُ	سڑکیں
أَرْصِفَةٌ	پلیٹ فارم، پیدل چلنے کے راستے، فٹ پاتھ
مَوْقِفُ الْبَاصَاتِ	بس اسٹاپ
مَحَطَّةٌ	اسٹیشن
مَحَطَّةُ سِكَّةِ الْحَدِيْدِ	ریلوے اسٹیشن
مَطَارٌ	ہوائی اڈہ
مِيْنَاءٌ	بندرگاہ
سُوْقٌ	بازار
دَكَاكِيْنُ	دکانیں
مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ	ڈاک خانہ
مَكْتَبُ التِّلِغْرَافِ	تار گھر
مَكْتَبُ الْهَاتِفِ	ٹیلیفون گھر (ایکس چینج)
مُسْتَشْفٰى	ہسپتال
فُنْدُقٌ	ہوٹل
حَانَةٌ	بار
مَلْهًى	کلب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سِينِمَا	سینما
صَيْدَلِيَّةٌ	(انگریزی) دواؤں کی دکان
عِيَادَةٌ	مطب / کلینک
مَقْهًى	کیفے
مَطْعَمٌ	ریسٹورنٹ
مَصْبَغَةٌ	ڈائی کی دکان
مَكْتَبَةٌ	لائبریری
مَحَلُّ حَلَوِيَّاتٍ	مٹھائی کی دکان
مَسْمَكَةٌ	مچھلی کی دکان
مَلْحَمَةٌ	گوشت کی دکان
مَرْكَزُ شُرطَةٍ	تھانہ
مَصْنَعٌ	کارخانہ
مُتْحَفٌ	عجائب گھر
مَكَانُ عُبُورِ الْمُشَاةِ	پیدل چلنے والوں کے لئے کراسنگ
إِشَارَةُ مُرُورٍ ضَوْئِيَّةٌ	سگنل لائٹ
مُنْحَنَى الطَّرِيقِ	موڑ
كُشْكٌ لِلْبَيْعِ	اسٹال
حَدِيقَةٌ عَامَّةٌ	پبلک پارک
عِمَارَةُ طُرُقٍ	چوراہا
عِمَارَةٌ سَكَنِيَّةٌ	رہائشی بلڈنگ
مَبْنَى الْمَكَاتِبِ	دفاتر کی بلڈنگ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَمُوْدُ النُّوْرِ	بجلی کا کھمبا
سَلَّةُ زُبَالَةٍ	کوڑے دان
كُشْكُ الْهَاتِفِ	ٹیلیفون بوتھ

أَلْقَانُوْنُ / قانون

اَلتَّحَرِّيْ	سراغ رسانی
شُرْطِيٌّ	سپاہی
بِزَّةٌ رَسْمِيَّةٌ (لِلشُّرْطِيِّ)	(پولیس کی) وردی
مَرْكَزُ الشُّرْطَةِ	پولیس اسٹیشن
سَيَّارَةُ الشُّرْطَةِ	پولیس کی گاڑی
كَلْبٌ بُوْلِيْسِيٌّ	پولیس کا کتا
هِرَاوَةٌ	سپاہی کا ڈنڈا
قُيُوْدٌ	ہتھکڑیاں
بَصَمَاتُ الْأَصَابِعِ	فنگر پرنٹ
آثَارُ أَقْدَامٍ	پاؤں کے نشان
اَلسِّجْنُ	جیل
اَلسَّجَّانُ	جیلر
اَلسَّجِيْنُ	قیدی
زِنْزَانَةٌ (فِي السِّجْنِ)	قید خانے کی کوٹھری
قُضْبَانٌ	قید خانے کی سلاخیں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْمَحْكَمَةُ	عدالت
اَلْمُحَلِّفُوْنَ	جیوری
شَاهِدٌ	گواہ
مُتَّهَمٌ	ملزم
قَفَصُ الإِتِّهَامِ	عدالت کا کٹہرا
اَلْقَاضِيْ	جج
اَلْمُحَامِيْ	وکیل
فِرْقَةُ الْمَطَافِيْ	فائر بریگیڈ

اَلإِطْفَائِيَّةُ وَالْخَدَمَاتُ الطِّبِّيَّةُ

فائر بریگیڈ اور طبّی خدمات

رَجُلُ إِطْفَاءٍ	فائرمین
خُوْذَةٌ	ہیلمیٹ
خُرْطُوْمُ مِيَاهٍ	واٹر پائپ
حَنَفِيَّةٌ	ٹونٹی
جِهَازُ إِطْفَاءٍ	آتش فرو آلہ
سَيَّارَةُ إِطْفَاءٍ	آتش فرو گاڑی
سُلَّمٌ	سیڑھی
سُلَّمُ الْحَدِيْدِ	آہنی سیڑھی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نَارٌ، حَرِيْقٌ	آگ
دُخَانٌ	دھواں
لَهِيْبٌ	شعلہ
جَنَاحٌ فِي الْمُسْتَشْفٰى	ہسپتال کا وارڈ
سَرِيْرٌ (لِلْمَرْضٰى)	مریض کا بیڈ
طَبِيْبٌ	ڈاکٹر
سَمَّاعَةُ الطَّبِيْبِ	اسٹیتھسکوپ
عِصَابُ تَعْلِيْقِ السَّاعِدِ	زخمی بازو کو باندھنے والی پٹی
أَشِعَّةُ إِكْسٍ	ایکس رے
مُمَرِّضَةٌ	نرس
عُكَّازٌ	بیساکھی
ضِمَادٌ	پٹی
مِيْزَانُ حَرَارَةٍ	تھرمامیٹر
عُلْبَةُ حُبُوْبِ الدَّوَاءِ	گولیوں کا ڈبہ
زُجَاجَةُ دَوَاءٍ	دوا کی شیشی
حَمَّالَةٌ، نَقَّالَةٌ	اسٹریچر

أَلدِّفَاعُ الْوَطَنِيُّ قومی دفاع

أَلْجَيْشُ	فوج
جُنْدِيٌّ	فوجی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بُنْدُقِيَّةٌ	بندوق
حَرْبَةٌ	خنجر
قَذِيفَةٌ مُوَجَّهَةٌ	گائیڈڈ میزائل
سَيَّارَةُ جِيبٍ	جیپ کار
مِدْفَعٌ	توپ
قَذِيفَةٌ	توپ کا گولا
دَبَّابَةٌ	ٹینک
قُنْبُلَةٌ يَدَوِيَّةٌ	دستی بم
مُسَدَّسٌ	ریوالور/پستول
رَصَاصَةٌ	گولی
مَاسُورَةُ الْمُسَدَّسِ	پستول کی نالی
مِدْفَعٌ رَشَّاشٌ	مشین گن
الْأُسْطُولُ الْبَحْرِيُّ	بحری بیڑا
سَفِينَةٌ حَرْبِيَّةٌ	جنگی جہاز
طُورْبِيدٌ	تارپیڈو
حَامِلَةُ طَائِرَاتٍ	طیارہ بردار بحری جہاز
غَوَّاصَةٌ	آب دوز
مِنْظَارُ الْأُفُقِ	اطراف بین
الْقُوَّاتُ الْجَوِّيَّةُ	فضائیہ
طَائِرَةٌ مُقَاتِلَةٌ	لڑاکا ہوائی جہاز
قُنْبُلَةٌ	بم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِظَلَّةُ هُبُوطٍ، بَرَاشُوتٌ	پیراشوٹ
رُبَّانُ الطَّائِرَةِ	پائلٹ

مَوَادُّ الْبِنَاءِ / تعمیری ساز وسامان

رَافِعَةٌ	کرین
بَنَّاءٌ	معمار
عَامِلٌ	مزدور
أَخْشَابُ السَّقْفِ	بلیاں
قِرْمِيْدَةٌ	ٹائل
سِقَالَةٌ	پاڑ، مچان
طُوْبٌ، آجُرٌّ	اینٹ
أَسَاسٌ	بنیاد
لَوْحٌ مِنَ الْخَشَبِ	عمارتی لکڑی کا تختہ
مِعْوَلٌ	کدال
مِجْرَفَةٌ	پھاوڑا
رَمْلٌ	ریت
إِسْمَنْتٌ	سمنٹ
مَالَجٌ	کرنی
حَمَّالَةٌ لِنَقْلِ الْمِلَاطِ	تسلا
شَاكُوْشٌ	ہتھوڑی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حَفَّارَةٌ	کھدائی مشین
خَلَّاطَةُ إِسْمَنْتٍ	کنکریٹ مکسر
مِثْقَبٌ كَهْرَبَائِيٌّ	الیٹرک ڈرل

أَدَوَاتُ النَّجَّارِ / بڑھئی کے اوزار

طَاوِلَةُ النَّجَّارِ	بڑھئی کی میز	مِسْحَاجٌ	رندہ
مِبْرَدٌ	ریتی	مِثْقَابٌ	برما
وَرَقُ زُجَاجٍ	ریگ مال	مِثْقَابٌ لَفَّافٌ	پیچ برما
إِزْمِيلٌ	چھینی، بسولا	فَأْسٌ	کلہاڑی
سِكِّينُ جَيْبٍ	جیبی چاقو	بُرْغِيٌ	پیچ
مِفْتَاحُ رَبْطٍ	رنچ، پانا	مِسْمَارُ لَوْلَبٍ	پیچ دار کیل
مِفَكُّ الْبَرَاغِي	پیچ کس	مِسْمَارٌ	کیل
مِلْزَمَةٌ	شکنجہ	حَلَقَةٌ رَقِيقَةٌ لِإِحْكَامِ الْوَصْلِ	واشر (واشل)
مِسْحَاةٌ	بیلچہ		
مِجَزَّةٌ	قینچی کی طرح کا ایک اوزار	صَمُولَةٌ	نٹ
		مِنْشَارٌ	آری
كَمَّاشَةٌ	زنبور	مِنْشَارُ الْمَعَادِنِ	دھات کاٹنے والی دستی آری
سَاطُورٌ	بغدہ		
مِطْرَقَةٌ	ہتھوڑا	زَرْدِيَّةٌ	پلاس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَلْهَاتِفُ / ٹیلیفون

أَيْنَ التِّلِيفُوْنُ؟	ٹیلیفون کہاں ہے؟
هَلْ يُمْكِنُنِي إِسْتِعْمَالُ التِّلِيفُوْنِ؟	کیا میں ٹیلیفون استعمال کر سکتا ہوں؟
هَلْ عِنْدَكَ دَلِيْلُ هَوَاتِفِ دِلْهِي؟	کیا آپکے پاس دہلی کی ٹیلیفون ڈائرکٹری ہے؟
مِنْ فَضْلِكَ سَاعِدْنِي فِي الإِتِّصَالِ بِهٰذَا الرَّقْمِ.	براہ کرم اس نمبر پر رابطہ قائم کرنے میں میری مدد کیجئے۔
اَلْخَطُّ مَشْغُوْلٌ.	لائن مصروف ہے۔
أَلو : أَنَا رَاشِدٌ أَتَكَلَّمُ.	ہیلو! میں راشد بول رہا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَتَحَدَّثَ إِلَى صَدِيْقِي أَسْعَدَ.	میں اپنے دوست اسعد سے بات کرنا چاہتا ہوں۔
أَلَوْ :أَنَا لاَ أَسْمَعُ الصَّوْتَ.	ہیلو مجھے آواز سنائی نہیں دے رہی۔
أُفْ ؛ إِنْقَطَعَ الْخَطُّ.	افوہ؛ لائن کٹ گئی۔
مِنْ فَضْلِكَ حَاوِلْ مَرَّةً أُخْرَى.	ذرا دوبارہ کوشش کیجئے۔
مِنْ فَضْلِكَ قُلْ لَهُ إِنَّنِي إِتَّصَلْتُ بِهِ.	آپ برائے مہربانی ان سے کہہ دیجئے کہ میں نے رابطہ قائم کیا تھا۔
مِنْ فَضْلِكَ أُطْلُبْ مِنْهُ الإِتِّصَالَ بِي.	برائے مہربانی ان سے کہہ دیجئے کہ مجھ سے رابطہ قائم کرلیں۔
مِنْ فَضْلِكَ خُذْ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ.	براہ کرم یہ پیغام لے لیجئے۔
بِكَمْ هٰذِهِ الْمُكَالَمَةُ؟	یہ کال کتنے کی ہے؟
أُرِيْدُ أَنْ أَدْفَعَ ثَمَنَ الْمُكَالَمَةِ.	میں کال کی قیمت ادا کرنا چاہتا ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَلْ يُوْجَدُ خَطٌّ مُبَاشِرٌ بَيْنَ دِلْهِي وَلاَهُوْر؟ — کیا دہلی اور لاہور کے درمیان ڈائرکٹ لائن ہے؟

تُوْجَدُ مُكَالَمَةٌ لَكَ. — آپ کے لئے ٹیلیفون کال ہے۔

مَا الرَّقْمَ الَّذِي تَطْلُبُه؟ — آپ نے کون سا نمبر مانگا ہے؟

اَلْخَطُّ مَشْغُوْلٌ. — لائن مشغول ہے۔

لَا يَرُدُّ اَحَدٌ. — کوئی جواب نہیں دے رہا ہے۔

اَلتِّلِيْفُوْنُ عَطْلَانٌ. — ٹیلیفون خراب ہے۔

اَلرَّقْمُ خَطَأٌ. — نمبر غلط ہے۔

اَلآنَ يُمْكِنُ أَنْ تَتَكَلَّمَ عَلَى الْهَاتِفِ. — اب آپ فون پر بات کر سکتے ہیں۔

هَالُوْ : سَالِمْ. — ہیلو! سالم۔

أَنَا سَعِيْدٌ أَتَكَلَّمُ. — میں سعید بول رہا ہوں۔

مَاذَا سَتَفْعَلُ مَسَاءَ الْيَوْمِ؟ — تم آج شام کو کیا کر رہے ہو؟

سَأَذْهَبُ إِلَى الْمَطَارِ. — میں ہوائی اڈے جاؤں گا۔

لِمَاذَا؟ — کیوں؟

سَيَصِلُ اِبْنُ عَمِّي مَسَاءَ الْيَوْمِ مِنَ الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السَّعُوْدِيَّةِ. — میرا چچیرا بھائی آج شام کو سعودی عرب سے پہنچ رہا ہے۔

كَمْ مُدَّةً مَضَتْ عَلَى غِيَابِهِ؟ — وہ کتنے عرصہ سے باہر ہے؟

مَضَتْ حَوَالَيْ أَرْبَعِ سَنَوَاتٍ. — تقریباً چار سال ہو گئے۔

هَلْ سَتَسْتَقْبِلُهُ فِي الْمَطَارِ؟ — کیا تم ہوائی اڈہ پر اسکا استقبال کرو گے؟

نَعَمْ : — ہاں۔

مَتَى؟ — کب؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي السَّابِعَةِ مَسَاءً. شام کو سات بجے۔

مَتٰى سَتَهْبِطُ الطَّائِرَةُ؟ جہاز کب پہونچے گا؟

سَتَهْبِطُ الطَّائِرَةُ فِي السَّاعَةِ السَّابِعَةِ وَالنِّصْفِ. جہاز شام کو ساڑھے سات بجے پہنچے گا۔

سَأَكُوْنُ هُنَاكَ فِي الْمِيْعَادِ. میں وقت پر وہاں پہنچ جاؤں گا۔

مَاذَا سَتَفْعَلُ فِي اللَّيْلِ؟ تم رات میں کیا کروگے؟

أَنَا مُتَفَرِّغٌ هٰذِهِ اللَّيْلَةَ. میں آج رات میں خالی ہوں۔

أُرِيْدُ أَنْ أَلْقَاكَ. تم سے ملنا چاہتا ہوں۔

طَيِّبٌ : سَأَبْقَى فِي الْبَيْتِ. ٹھیک ہے، میں گھر پر رہوں گا۔

فِي مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ / ڈاک خانہ میں

أَيْنَ أَقْرَبُ مَكْتَبِ بَرِيْدٍ؟ قریب ترین ڈاک خانہ کہاں ہے؟

هَلْ يُمْكِنُنِي الذَّهَابُ إِلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ مَاشِياً؟ کیا میں ڈاک خانہ پیدل جاسکتا ہوں؟

إِنَّهُ بَعِيْدٌ جِدًّا لِأَنْ تَذْهَبَ مَاشِياً. پیدل جانے کے لئے کافی دور ہے۔

أَرْجُوْكَ أَنْ تَدُلَّنِي عَلَى مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ. براہ کرم آپ مجھے ڈاک خانہ کا راستہ بتادیجئے۔

عَلَيْكَ أَنْ تَذْهَبَ فِي التَّاكْسِي. آپ کو ٹیکسی سے جانا چاہئے۔

هَلْ أَطْلُبُ لَكَ تَاكْسِي؟ کیا میں آپ کے لئے ٹیکسی بلاؤں؟

نَعَمْ : أُطْلُبْ لِي تَكْسِي مِنْ فَضْلِكَ. ہاں: براہ کرم ٹیکسی بلادیجئے۔

مَتٰى يُفْتَحُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ؟ ڈاک خانہ کب کھلتا ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُفْتَحُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ فِي السَّاعَةِ الْعَاشِرَةِ. ڈاک خانہ دس بجے کھلتا ہے۔

مَتٰى يُقْفَلُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ؟ ڈاک خانہ کب بند ہوتا ہے؟

يُقْفَلُ مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ فِي السَّاعَةِ الْخَامِسَةِ. ڈاک خانہ پانچ بجے بند ہوتا ہے۔

أَيْنَ شُبَّاكُ الطَّوَابِعِ؟ ٹکٹ کونسی کھڑکی پر ملیں گے؟

يُمْكِنُكَ أَنْ تَشْتَرِيَ الطَّوَابِعَ مِنَ الشُّبَّاكِ رَقْمِ (١٠). آپ ٹکٹ کھڑکی نمبر دس سے خرید سکتے ہیں۔

أُرِيْدُ أَرْبَعَةَ طَوَابِعَ مِنْ فِئَةِ رُوْبِيَةٍ وَاحِدَةٍ وَطَابَعَيْنِ مِنْ فِئَةِ خَمْسِيْنَ بَيْسَةً. مجھے چار ایک روپے والے اور دو پچاس پیسے والے ٹکٹ چاہئیں۔

بِكَمِ الْخِطَابُ لِمِصْرَ؟ مصر کے لئے خط کتنے میں جاتا ہے؟

هَلْ كُلُّ الْخِطَابَاتِ تُرْسَلُ بِالْبَرِيْدِ الْجَوِيِّ؟ کیا تمام خطوط ایر میل سے جاتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ هٰذِهِ الرِّسَالَةَ بِالْبَرِيْدِ الْجَوِيِّ. میں یہ خط ہوائی ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔

أَيْنَ صُنْدُوْقُ الْخِطَابَاتِ؟ لیٹر بکس کہاں ہے؟

أُرِيْدُ إِرْسَالَ هٰذَا الطَّرْدِ. میں یہ پارسل بھیجنا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ إِرْسَالَ هٰذِهِ الْخِطَابَاتِ بِالْبَرِيْدِ الْمُسَجَّلِ. میں یہ خط رجسٹرڈ ڈاک سے بھیجنا چاہتا ہوں۔

مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِيْ بِطَاقَةً وَمَظْرُوْفًا. براہ مہربانی مجھے ایک کارڈ اور ایک لفافہ دیجئے۔

أُرِيْدُ أَنْ أُحَوِّلَ هٰذَا الطَّرْدَ عَلَى الْمُشْتَرِيْ بِالْبَرِيْدِ. میں یہ پارسل وی پی کرنا چاہتا ہوں۔

أَيْنَ الطَّرْدُ الْمُحَوَّلُ. وی پی پارسل کہاں ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَلْ تُوجَدُ عِنْدَكُمْ خِطَابَاتٌ لِي إِسْمِي رَاشِدٌ.
کیا آپ کے پاس میری ڈاک ہے؟ میرا نام راشد ہے۔

رَقْمُ صُنْدُوقِ بَرِيْدِي ٧٨٦.
میرا پوسٹ بکس نمبر ۷۸۶ ہے۔

أُرِيْدُ أَنْ أُرْسِلَ بَرْقِيَّةً.
میں ایک ٹیلیگرام بھیجنا چاہتا ہوں۔

هَلْ تُرِيْدُ إِرْسَالَ بَرْقِيَّةٍ عَادِيَّةٍ أَوْ عَاجِلَةٍ؟
کیا آپ آرڈنری ٹیلی گرام بھیجنا چاہتے ہیں یا ارجنٹ؟

أُرِيْدُ إِرْسَالَ بَرْقِيَّةٍ عَاجِلَةٍ.
میں ارجنٹ ٹیلی گرام بھیجنا چاہتا ہوں۔

طَيِّبٌ: عَبِّئْ اِسْتِمَارَةَ الْبَرْقِيَّةِ.
ٹھیک ہے: ٹیلی گرام کا فارم پر کیجئے۔

هَلْ تَتَكَرَّمُ بِتَعْبِئَةِ هٰذِهِ الإِسْتِمَارَةِ لِأَنِّي لا أَعْرِفُ الْكِتَابَةَ.
کیا براہ مہربانی آپ یہ فارم بھر دیں گے کیوں کہ میں لکھنا نہیں جانتا۔

كَمْ يُكَلِّفُ إِرْسَالُ هٰذِهِ الْبَرْقِيَّةِ ١٠ جلة؟
اس ارجنٹ ٹیلی گرام کو بھیجنے میں کتنا خرچ آئے گا؟

عَشْرَ رُوْبِيَّاتٍ فَقَطْ.
صرف دس روپے۔

بِكَمْ كَلِمَةٌ وَاحِدَةٌ؟
ایک لفظ کا کیا لگتا ہے؟

خَمْسُوْنَ بَيْسَةً لِكُلِّ كَلِمَةٍ.
ایک لفظ کے پچاس پیسے۔

مَتٰى تَصِلُ الْبَرْقِيَّةُ إِلٰى لَاهُوْر؟ فِي الصَّبَاحِ.
ٹیلی گرام لاہور کب پہونچے گا؟ صبح کو۔

مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ الْعَامِّ.
جنرل پوسٹ آفس (بڑا ڈاک خانہ)

مَكْتَبُ الْبَرِيْدِ الرَّئِيْسِيِّ.
ہیڈ پوسٹ آفس

صُنْدُوْقُ الْبَرِيْدِ
پوسٹ بکس

طَرْدٌ
پارسل

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صُنْدُوقُ الْخِطَابَاتِ	پوسٹ بکس (لیٹر بکس)
أُجْرَةُ الْبَرِيْدِ	محصول ڈاک
إِسْمُ الْمُرْسِلِ	بھیجنے والے کا نام
عُنْوَانُ الْمُرْسِلِ	بھیجنے والے کا پتہ
الْمُرْسَلُ إِلَيْهِ	پانے والا (مکتوب الیہ)
خِطَابٌ مُسَجَّلٌ	رجسٹرڈ خط
مَطْبُوْعَاتٌ	پرنٹڈ میٹر
حَوَالَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ	پوسٹل آرڈر
وَكِيْلُ مَكْتَبِ الْبَرِيْدِ	پوسٹ ماسٹر
مُوَزِّعُ الْبَرِيْدِ/سَاعِي الْبَرِيْدِ	پوسٹ مین (ڈاکیہ)
مَكْتَبُ إِسْتِعْلَامَاتٍ	انکوائری آفس
حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ	منی آرڈر
فَرْزُ الْخِطَابَاتِ	خطوط چھانٹنا
طَرْدٌ مُؤَمَّنٌ عَلَيْهِ	انشورڈ پارسل
شَهَادَةٌ جُمْرُكِيَّةٌ	کسٹم ڈکلریشن
حَقِيْبَةُ الْبَرِيْدِ	ڈاک کا تھیلا
رِسَالَةٌ جَوِّيَّةٌ	ہوائی ڈاک سے بھیجا جانیوالا خط (ایرمیل)
خَتْمُ الْبَرِيْدِ	ڈاک کی مہر
طَابِعُ الْبَرِيْدِ	ڈاک ٹکٹ
بِالْبَرِيْدِ الْجَوِّيِّ	ہوائی ڈاک
عُنْوَانٌ	پتہ
وَرَقٌ لِكِتَابَةِ الرَّسَائِلِ	خط لکھنے کا کاغذ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِطَاقَةٌ بَرِيْدِيَّةٌ	پوسٹ کارڈ
ظَرْفٌ	لفافہ
لِسَانُ الظَّرْفِ	فلیپ
بَرْقِيَّةٌ	تار
شَمْعٌ أَحْمَرُ	مہر لاکھ
بِطَاقَةٌ لِكِتَابَةِ الإِسْمِ وَالْعُنْوَانِ	لیبل

أَلْبَنْكُ / بینک

أَيْنَ أَقْرَبُ بَنْكٍ؟	قریب ترین بینک کہاں ہے؟
أَيْنَ يُمْكِنُ صَرْفُ شَيْكَاتٍ سِيَاحِيَّةٍ؟	ٹریولرس چیک کہاں کیش ہو سکتے ہیں؟
أُرِيْدُ أَنْ أَفْتَحَ حِسَاباً فِي الْبَنْكِ.	میں بینک میں اکاؤنٹ کھولنا چاہتا ہوں۔
أَيِّ حِسَابٍ تُرِيْدُ أَنْ تَفْتَحَ.	آپ کونسا اکاؤنٹ کھولنا چاہتے ہیں؟
حِسَابَ إِيْدَاعٍ أَمْ حِسَاباً جَارِياً؟	فکسڈ ڈپازٹ اکاؤنٹ یا کرنٹ اکاؤنٹ؟
كَمْ مَبْلَغاً تُرِيْدُ أَنْ تُوَدِّعَ فِي الْحِسَابِ؟	آپ اکاؤنٹ میں کتنی رقم جمع کرانا چاہتے ہیں؟
مَامِقْدَارُ الْفَائِدَةِ الَّتِيْ تَدْفَعُوْنَهَا؟	آپ کتنا انٹرسٹ (سود) دیتے ہیں؟
۱۰٪ عَلَى الْحِسَابِ الْمُوْدَعِ.	فکسڈ ڈپازٹ پر ۱۰٪۔
أُرِيْدُ صَرْفَ دُوْلاَرَاتٍ.	میں ڈالر تبدیل کرانا چاہتا ہوں۔
مَا سِعْرُ الصَّرْفِ؟	تبدیل کرنے کا ریٹ کیا ہے؟
مَا الْعُمُوْلَةُ الَّتِيْ يَأْخُذُهَا الْبَنْكُ؟	بینک کتنا کمیشن لیتا ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مِنْ فَضْلِکَ أَعْطِنِي وَرَقَةً مِنْ فِئَةِ الْعَشْرِ دُوْلاَرَاتٍ وَبَعْضَ الْفَكَّةِ.	براہ کرم مجھے دس ڈالر کا ایک نوٹ دیجئے اور کچھ ریزگاری۔
أَعْطِنِي عَشْرَ أَوْرَاقٍ مِنْ فِئَةٍ كَبِيْرَةٍ وَالْبَاقِي مِنْ فِئَاتٍ صَغِيْرَةٍ.	مجھے دس بڑے نوٹ دیجئے اور باقی چھوٹے۔
مِنْ فَضْلِکَ رَاجِعْ هٰذَا.	براہ کرم اس کو چیک کر لیجئے۔
أُرِيْدُ إِيْدَاعَ هٰذَا فِي حِسَابِي.	میں یہ اپنے اکاؤنٹ میں جمع کرانا چاہتا ہوں۔
أَيْنَ أُوَقِّعُ؟	دستخط کہاں کروں؟
حِسَابٌ جَارٍ	کرنٹ اکاؤنٹ
حِسَابُ إِيْدَاعٍ	ڈپازٹ اکاؤنٹ
مَبْلَغٌ	رقم
نُقُوْدٌ	کیش
وَرَقَةٌ نَقْدِيَّةٌ	بینک نوٹ
فَكَّةٌ	ریزگاری
عُمْلَةٌ	کرنسی
حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ	ڈرافٹ
رَأْسُمَالٍ	سرمایہ
فَاتُوْرَةٌ	بل
دَفْتَرُ الْحِسَابِ	پاس بک
حِسَابٌ مُشْتَرَكٌ	مشترک اکاؤنٹ
حِسَابُ الْوَدِيْعَةِ الثَّابِتَةِ	فکسڈ ڈپازٹ
حِسَابُ الإِدِّخَارِ	سیونگ اکاؤنٹ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلنُّقُوْدُ وَإِصْطِلَاحَاتٌ تِجَارِيَّةٌ

سکے اور تجارتی اصطلاحات

عُمْلَةٌ وَرَقِيَّةٌ	کاغذی کرنسی	سُفْتَجَةٌ (حَوَالَةٌ مَالِيَّةٌ)	ہنڈی
نَقْد (عُمْلَةٌ نَقْدِيَّةٌ)	سکہ	اَلْفَائِدَةُ	سود
عُمْلَةٌ، نُقُوْدٌ	زر، کرنسی	تَفْلِيْسَةٌ	دیوالیہ
فَكَّةٌ	ریزگاری	تَعْوِيْضُ الْخَسَارَةِ	تاوان، ہرجانہ
جُنَيْهٌ	پاؤنڈ	رِبْحٌ	منافع
قِرْشٌ	پیسہ	خَسَارَةٌ	نقصان
دِيْنَارٌ	دینار	دَخْلٌ	آمدنی
فِلْسٌ	فلس	رَأْسُ مَالٍ	سرمایہ
دُوْلَارٌ	ڈالر	دَفَاتِرُ-سِجِلَّاتٌ	رجسٹر
تِجَارَةٌ	تجارت	مَكْتَبٌ	دفتر
كَمْبِيَالَةٌ	بل	كَاتِبٌ	کلرک
حَوَالَةٌ	ڈرافٹ	اَمِيْنُ صُنْدُوْقٍ-صَرَّافٌ	خزانچی / کیشئر
حَوَالَةٌ تُدْفَعُ حَالَ الْإِطِّلَاعِ	(بل ایٹ سائٹ)	وَكِيْلٌ	ایجنٹ
تَحْوِيْلُ الْكَمْبِيَالَةِ	بل اندراج	حَسْمٌ	چھوٹ / کٹوتی
وِكَالَةٌ	ایجنسی	إِيْصَالٌ، وَصْلٌ	رسید
بَضَائِعُ	مال سامان	مَبْلَغٌ	رقم
فَاتُوْرَةٌ	رسید، بل	اَلْمَجْمُوْعُ	میزان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بُولِيصَةُ شَحْنٍ	(بل آف لیڈنگ) بحری جہاز سے لدانے کے کاغذ	اَلثَّمَنُ، اَلْقِيمَةُ، اَلسِّعْرُ	قیمت
إِرْتِفَاعُ الأَسْعَارِ	قیمتوں میں اضافہ	شِرَاءٌ	خرید
إِنْخِفَاضُ الأَسْعَارِ	قیمتوں میں کمی	بَيْعٌ	فروخت
مَبِيعٌ بِالْجُمْلَةِ	تھوک	اَلرَّصِيدُ	بیلنس (بچت)
مَبِيعٌ بِالْمُفْرَقِ	پرچون	اَلْمِيزَانِيَّةُ	بجٹ
اَلْبَيْعُ نَقْداً	نقد فروخت	دَفْتَرُ الْيَوْمِيَّاتِ	روزنامچہ
اَلْبَيْعُ دَيْناً	ادھار فروخت	يَوْمِيَّةُ الشَّطْبِ	فالتو روزنامچہ
شِرْكَةٌ	شراکت	عَيِّنَةٌ	سیمپل۔ نمونہ
شَرِيكٌ	شریک	نَمُوذَجٌ	نمونہ
سَهْمٌ	حصہ	قِسْطٌ	قسط
مُسَاهِمٌ	حصہ دار	اَلْحَمُولَةُ، رُسُومُ الشَّحْنِ	کرایہ
دُفْعَةٌ أُولَى	پہلی قسط	رُسُومٌ جُمْرُكِيَّةٌ	کسٹم ڈیوٹی
حِسَابٌ	اکاؤنٹ	اَلدُّيُونُ	قرضے
حِسَابٌ جَارٍ	کرنٹ اکاؤنٹ	قَرْضٌ	قرض
حِسَابُ تَوْفِيرٍ	سیونگ اکاؤنٹ	تَأْمِينٌ	انشورنس
رَهْنٌ	رہن	عُمُولَةٌ، قُومِسْيُونٌ	کمیشن
مَزَادٌ	نیلام	سِمْسَارٌ	دلال
دَلَّالٌ	نیلامی والا	ضَرِيبَةٌ	ٹیکس
طَلَبٌ	طلب	ضَرِيبَةُ دَخْلٍ	انکم ٹیکس
عَرْضٌ	پیشکش	اَلشَّحْنُ	کارگو
طَلَبِيَّةٌ	آرڈر		

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْمَالُ / روپیہ پیسہ

إِسْمَعْ يَانَبِيلُ! هٰذَا كَلَامٌ غَيْرُ مَعْقُوْلٍ.
سنو نبیل! یہ بات نامعقول ہے۔

لِمَاذَا؟
کیوں؟

لِأَنِّي أَعْرِفُ مَحْمُوْداً جَيِّداً.
کیونکہ میں محمود کو اچھی طرح جانتا ہوں۔

وَهُوَ لَيْسَ بَخِيْلاً كَمَا تَقُوْلُ.
وہ بخیل نہیں ہے جیسا کہ تم کہتے ہو۔

عَلَى كُلِّ حَالٍ، هٰذِهِ فِكْرَتِي عَنْهُ وَقَدْ أَكُوْنُ عَلَى خَطَإٍ.
بہر حال اسکے بارے میں یہ میری رائے ہے اور ہوسکتا ہے کہ میں غلطی پر ہوں۔

طَبْعاً أَنْتَ عَلَى خَطَإٍ لِأَنَّ كُلَّ وَاحِدٍ يَعْرِفُ أَنَّ مَحْمُوْداً كَرِيْمٌ وَلَيْسَ بَخِيْلاً.
یقیناً تم غلطی پر ہو کیونکہ ہر آدمی جانتا ہے کہ محمود ایک سخی آدمی ہے اور وہ بخیل نہیں ہے۔

إِسْأَلْ فَاطِمَةَ.
فاطمہ سے پوچھو۔

هَلْ تَظُنِّيْنَ أَنَّ مَحْمُوْداً بَخِيْلٌ يَافَاطِمَةُ؟
فاطمہ کیا تم سمجھتی ہو کہ محمود ایک بخیل آدمی ہے؟

مَنْ يَقُوْلُ ذٰلِكَ؟
یہ کون کہتا ہے؟

نَبِيْلٌ يَقُوْلُ ذٰلِكَ.
نبیل ایسا کہتا ہے۔

إِنَّ نَبِيْلاً لَا يُعْجِبُهُ أَحَدٌ فِي هٰذِهِ الدُّنْيَا.
نبیل کو تو اس دنیا میں کوئی بھی پسند نہیں ہے۔

كَمَا تَعْلَمُ يَا نَبِيْلُ هُنَاكَ فَرْقٌ بَيْنَ الْبُخْلِ وَالْحِكْمَةِ فِي صَرْفِ الْمَالِ، كَمَا أَنَّ هُنَاكَ أَيْضاً فَرْقاً بَيْنَ الْكَرَمِ وَالتَّبْذِيْرِ.
جیسا کہ تم جانتے ہو نبیل کہ پیسہ خرچ کرنے کے معاملے میں کنجوسی اور دور اندیشی میں فرق ہے جیسا کہ فیاضی اور فضول خرچی میں۔

أَنَا أَعْرِفُ هٰذَا، وَوَاضِحٌ أَنَّكُمْ لَمْ تَفْهَمُوْا قَصْدِيْ.
میں یہ بات جانتا ہوں اور صاف ظاہر ہے کہ آپ لوگ میرا مطلب نہیں سمجھے۔

مَاذَا كُنْتَ تَقْصِدُ إِذَنْ؟
تب تمہارا کیا مطلب تھا؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كُنْتُ أقصِدُ أنْ أقُولَ أنَّ الشَّخْصَ يَجِبُ أنْ يُمَتِّعَ نَفْسَهُ بِمَالِهِ لِأنَّهُ لاَ فَائِدَةَ مِنْ تَوْفِيرِ كُلِّ قِرْشٍ فِي الْبَنْكِ.

میں یہ کہنا چاہتا تھا کہ آدمی کو اپنے پیسے سے لطف اندوز ہونا چاہئے کیونکہ ایک ایک پیسہ بینک میں جمع کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔

قَدْ تَكُونُ هٰذِهِ نَظْرَتُكَ أنْتَ فِي الْحَيَاةِ لٰكِنْ لَيْسَ مِنَ الضَّرُورِيِّ أنْ يَتَّفِقَ كُلُّ وَاحِدٍ مَعَكَ.

زندگی کے بارے میں یہ تمہارا اپنا نظریہ ہوسکتا ہے، لیکن ضروری نہیں ہے کہ ہر آدمی تمہاری بات سے اتفاق کرے۔

أتَعْنِي يَا نَبِيلُ! أنَّكَ تُنْفِقُ كُلَّ قِرْشٍ وَلاَ تَدَّخِرُ أيَّ شَيْءٍ لِلْمُسْتَقْبَلِ؟

نبیل! کیا تمہارا مطلب ہے کہ تم تمام پیسہ خرچ کردیتے ہو اور مستقبل کے لئے کچھ نہیں بچاتے؟

أنَا لاَ أهْتَمُّ إلاَّ بِالْحَاضِرِ وَالْمَثَلُ يَقُولُ: "أحْيِنِي الْيَوْمَ وَأمِتْنِي غَداً وَلٰكِنْ هُنَاكَ مَثَلٌ آخَرُ يَقُولُ: "اَلْقِرْشُ الأبْيَضُ يَنْفَعُ فِي الْيَوْمِ الأسْوَدِ".

میں صرف موجودہ وقت کی پروا کرتا ہوں اور یہ کہاوت بھی ہے کہ "آج جی لینے دو کل کس نے دیکھا ہے"۔ لیکن ایک اور کہاوت ہے کہ: "نقرئی سکہ آڑے وقت میں کام آتا ہے"۔

مُحَادَثَةٌ عَنْ سَرِقَةِ الْبَنْكِ

بینک ڈکیتی کے بارے میں گفتگو

هَلْ سَمِعْتُمْ أهَمَّ خَبَرٍ فِي الْجَرَائِدِ الْمَسَائِيَّةِ؟

کیا آپ نے شام کے اخبارات کی اہم ترین خبر سنی؟

نَعَمْ: إنَّهَا وَاحِدَةٌ مِنْ أكْبَرِ السَّرِقَاتِ الْمَعْرُوفَةِ.

جی ہاں: یہ اب تک کی بڑی ڈکیتیوں میں سے ایک ہے۔

هَرَبَ اللُّصُوصُ بِنِصْفِ مِلْيُونِ رُوبِيَّةٍ.

چور پانچ لاکھ روپیہ لے کر فرار ہوگئے۔

يَا إلٰهِي! إنَّهُ مَبْلَغٌ ضَخْمٌ.

خدا کی پناہ! یہ تو بہت بڑی رقم ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ أنَّ أحَداً لَمْ يُقْتَلْ.

خدا کا شکر ہے کہ کوئی مارا نہیں گیا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هَلْ أُصِيبَ أَحَدٌ؟	کیا کوئی زخمی ہوا؟
أُصِيبَ ثَلَاثَةٌ مِنْ رِجَالِ الشُّرْطَةِ أَثْنَاءَ مُطَارَدَتِهِمْ لِلُّصُوصِ.	چوروں کا پیچھا کرتے ہوئے تین پولیس والے زخمی ہو گئے۔
كَمَا أُصِيبَ شَخْصَانِ مِنْ زَبَائِنِ الْبَنْكِ.	بینک کے دو گاہک بھی زخمی ہوئے۔
أُنْظُرْ إِلَى هٰذِهِ الصُّوْرَةِ الْمَنْشُوْرَةِ لِلْحَادِثِ.	حادثے کی جو تصویر چھپی ہے اس کو دیکھو۔
لَقَدْ بَدَا الْمَكَانُ بَعْدَ الْحَادِثِ وَكَأَنَّهُ أَرْضُ مَعْرَكَةٍ.	جائے واردات تو میدان کارزار معلوم ہو رہی ہے۔
دِمَاءٌ وَرَصَاصَاتٌ فَارِغَةٌ وَنَوَافِذُ زُجَاجِيَّةٌ مُكَسَّرَةٌ وَأَشْيَاءُ أُخْرَى مُتَنَاثِرَةٌ.	خون، گولیوں کے خالی خول، ٹوٹی ہوئی شیشے کی کھڑکیاں اور ادھر ادھر بکھری ہوئی چیزیں۔
إِنَّ تَعْلِيقَ الصُّحُفِ يَعْكِسُ غَضَبَهَا.	اخبارات کا تبصرہ ان کے غصے کا مظہر ہے۔
هٰذَا تَعْلِيقٌ يَقُوْلُ : إِلَى مَتَى سَتَظَلُّ بُنُوْكُنَا عُرْضَةً لِلسَّلْبِ وَالنَّهْبِ؟	یہ ایک تبصرہ ہے جس میں کہا گیا ہے کہ کب تک ہمارے بینک لوٹ مار کا شکار ہوتے رہیں گے۔
وَإِلَى مَتَى سَتَظَلُّ أَرْوَاحُ النَّاسِ الأَبْرِيَاءِ مُهَدَّدَةً بِدُوْنِ أَيِّ ذَنْبٍ.	اور کب تک بے گناہ لوگوں کی جانیں بلا وجہ خطرے میں پڑی رہیں گی۔
وَمَتَى يَسْتَطِيعُ الْمُجْتَمَعُ الْمُتَحَضِّرُ أَنْ يَقْضِيَ عَلَى هٰذِهِ السَّرِقَاتِ إِلَى الأَبَدِ؟	اور کب مہذب معاشرہ ان ڈکیتیوں کا خاتمہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے کر پائے گا۔

فِي السُّوْقِ / بازار میں

اَلْمَخْبَزُ	بیکری
اَلْبَنْكُ	بینک
اَلْمَكْتَبَةُ	کتب خانہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صَالُوْنُ تَجْمِيْلٍ	بیوٹی پارلر
صَالُوْنُ الحِلاَقَةِ	نائی کی دکان
اَلْمَلْحَمَةُ	قصائی کی دکان
مَحَلُّ حَلْوَيَاتٍ	مٹھائی کی دکان
الصَّيْدَلِيَّةُ	انگریزی دواؤں کی دکان
مَحَلُّ الأَقْمِشَةِ	کپڑوں کی دکان
اَلإِسْكَافُ	موچی
مَحَلُّ اَلْبَان	ڈیری
طَبِيْبُ أَسْنَانٍ	دانتوں کا ڈاکٹر
مَحَلٌّ كَبِيْرٌ	ڈپارٹمنٹل اسٹور
مَحَلُّ خِيَاطَةٍ	درزی کی دکان
مَحَلُّ تَنْظِيْفِ مَلاَبِسَ	ڈرائی کلینرز کی دکان
مَحَلُّ أَسْمَاكٍ	مچھلیوں کی دکان
مَحَلُّ زُهُوْرٍ	پھولوں کی دکان
خُضَرِيٌّ	سبزی فروش
بَقَّالٌ	پنساری
مَحَلُّ أَدْوَاتٍ مَنْزِلِيَّةٍ	گھریلو اشیاء کی دکان
اَلْجَوْهَرِيُّ	سنار
اَلْمَغْسَلَةُ	لانڈری
مَحَلُّ مَصْنُوْعَاتٍ جِلْدِيَّةٍ	چمڑے کے سامان کی دکان
بَائِعُ الصُّحُفِ	اخبار فروش، ہاکر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَحَلُّ نَظَّارَاتٍ (عُوَيْنَاتٍ)	چشموں کی دکان
مَحَلُّ عُطُوْرٍ	عطر فروش کی دکان
مُصَوِّرٌ	فوٹو گرافر
مَحَلُّ أَدْوَاتٍ رِيَاضِيَّةٍ	کھیلوں کے سامان کی دکان
مَحَلُّ سَاعَاتٍ	گھڑیوں کی دکان

أَلتَّسَوُّقُ فِي الْمَكْتَبَةِ

کتابوں کی دکان پر خریداری

أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ الْيَوْمَ إِلَى السُّوْقِ.	میں آج بازار جانا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَذْهَبَ إِلَى الْمَكْتَبَةِ.	میں کتابوں کی دکان پر جانا چاہتا ہوں۔
أَيُّ كُتُبٍ تُوجَدُ عِنْدَكُمْ؟	آپ کے پاس کونسی کتابیں ملتی ہیں؟
عِنْدَنَا نُخْبَةٌ طَيِّبَةٌ مِنَ الْكُتُبِ لِأَشْهَرِ الْمُصَنِّفِيْنَ.	ہمارے پاس مشہور مصنفین کی کتابوں کا اچھا انتخاب ہے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ قَائِمَةُ الْكُتُبِ؟	کیا آپ کے پاس کتابوں کی فہرست ہے؟
هَاهِيَ قَائِمَةُ الْكُتُبِ يَاسَيِّدِيْ.	یہ رہی فہرست جناب۔
تَجِدُ فِي هٰذِهِ الْقَائِمَةِ كُتُبًا مُخْتَلِفَةً.	اس فہرست میں آپ کو مختلف کتابیں ملیں گی۔
هَلْ تُرِيْنِي بَعْضَ الْقَوَامِيْسِ؟	کیا آپ مجھے کچھ ڈکشنریاں دکھائیں گے؟
أَيَّ قَامُوْسٍ تُرِيْدُ يَاسَيِّدِيْ؟	جناب! آپ کونسی ڈکشنری چاہتے ہیں؟
أُرِيْدُ قَامُوْسًا مِنَ الْعَرَبِيَّةِ إِلَى الْأُرْدُوِيَّةِ.	مجھے ایک عربی سے اردو ڈکشنری چاہیے۔
أُرِيْدُ قَامُوْسَ جَيْبٍ مِنَ الْأُرْدُوِيَّةِ إِلَا الْعَرَبِيَّةِ.	مجھے اردو سے عربی جیبی ڈکشنری چاہیے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أُرِيْدُ نُسْخَةً مِنَ الْقُرْآنِ الْكَرِيْمِ. مجھے قرآن کریم کا ایک نسخہ چاہئے۔

أَرِنِي مِنْ فَضْلِكَ مِنْ أَحْدَثِ الْكُتُبِ بِاللُّغَةِ الْأُرْدُوِيَّةِ. براہ کرم مجھے اردو زبان کی جدید ترین کتابیں دکھایئے۔

لَقَدْ وَصَلَتْنَا هٰذِهِ الْكُتُبُ أَخِيْراً. یہ کتابیں ہمارے پاس حال ہی میں آئی ہیں۔

أَرِنِي؛ لَعَلَّنِي أُحِبُّهَا. دکھایئے؛ شاید مجھے پسند آجائیں۔

أَرِنِي كُتُباً دِيْنِيَّةً فَقَطْ. مجھے صرف دینی کتابیں دکھایئے۔

فِي مَحَلِّ الْقِرْطَاسِيَّةِ
اسٹیشنری کی دکان پر

أَيْنَ مَحَلُّ الْقِرْطَاسِيَّةِ؟ اسٹیشنری کی دکان کہاں ہے؟

مَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَ؟ آپ کیا خریدنا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ شِرَاءَ بَعْضِ ادَوَاتِ الْكِتَابَةِ. میں کچھ اسٹیشنری کا سامان خریدنا چاہتا ہوں۔

مَاهِيَ الْأَدَوَاتُ الَّتِي تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَهَا؟ آپ کیا سامان خریدنا چاہتے ہیں؟

هَلْ عِنْدَكُمْ خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ؟ کیا آپ کے یہاں دنیا کا نقشہ ہے؟

نَعَمْ: عِنْدَنَا خَرِيْطَةُ الْعَالَمِ وَخَرِيْطَةُ الْمَدِيْنَةِ. جی ہاں! ہمارے پاس دنیا کا نقشہ ہے اور شہر کا نقشہ ہے۔

هَلْ عِنْدَكُمْ أَوْرَاقٌ بَيْضَاءُ لِكِتَابَةِ الرَّسَائِلِ؟ کیا آپ کے پاس خطوط لکھنے کے لئے سفید کاغذ ہیں؟

أَيَّ نَوْعٍ مِنَ الْوَرَقِ تُرِيْدُ؟ آپ کس قسم کے کاغذ چاہتے ہیں؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أُرِيْدُ مِنْ نَوْعٍ جَيِّدٍ.	میں عمدہ قسم کے چاہتا ہوں۔
كَمْ وَرَقًا تُرِيْدُ؟	آپ کتنے کاغذ چاہتے ہیں؟
هَلْ تُرِيْدُهَا بِالدَّسْتَةِ أَوْ رِزْمَةً كَامِلَةً؟	کیا آپ دستہ کے حساب سے چاہتے ہیں یا پورا پیکٹ؟
أُرِيْدُ رِزْمَةً كَامِلَةً.	مجھے پورا ایک پیکٹ چاہئے۔
أُرِيْدُ قَلَمَ حِبْرٍ سَائِلٍ وَقَلَمَ حِبْرٍ نَاشِفٍ.	مجھے ایک فاؤنٹین پین اور ایک بال پین چاہئے۔
أُرِيْدُ مَحَّايَةً وَبَرَّايَةً.	مجھے ایک ربر اور ایک پنسل تراش چاہئے۔
أُرِيْدُ صَحِيْفَةً.	مجھے ایک اخبار چاہئے۔
أُرِيْدُ مَجَلَّةً.	مجھے ایک رسالہ چاہئے۔
أُرِيْدُ رِوَايَةً.	مجھے ایک ناول چاہئے۔
أُرِيْدُ وَرَقَةَ كَرْبُوْن.	مجھے کاربن پیپر چاہئے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ مَجَلَّاتٌ عَرَبِيَّةٌ؟	کیا آپ کے پاس عربی رسالے ہیں؟
لَا: لَا تُوْجَدُ عِنْدَنَا مَجَلَّاتٌ	نہیں: ہمارے پاس رسالے نہیں ہیں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ بِطَاقَاتُ بَرِيْدٍ؟	کیا آپ کے پاس پوسٹ کارڈ ہیں؟
عَفْوًا يَا سَيِّدِيْ؛ لَيْسَتْ عِنْدَنَا.	معاف کیجئے جناب: ہمارے پاس نہیں ہیں۔
أُرِيْدُ ظُرُوْفَ خِطَابَاتٍ.	مجھے کچھ لفافے چاہئیں۔
أُرِيْدُ كُرَّاسَةً وَمِرْسَمًا وَحِبْرًا أَزْرَقَ.	مجھے ایک کاپی، ایک پنسل اور نیلی روشنائی چاہئے۔
أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ هٰذِهِ الْأَدَوَاتِ.	میں یہ چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔
عُلْبَةُ أَلْوَان	رنگوں کا ڈبہ
وَرَقَةُ كَرْبُوْنٍ	کاربن پیپر
وَرَقَةُ رَسْمٍ	ڈرائنگ پیپر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظُرُوفٌ	لفافے
مِمْحَاةٌ	ربڑ
دَلِيْلٌ سِيَاحِيٌّ	سیاحتی گائڈ بک
حِبْرٌ أَسْوَدُ/أَحْمَرُ/أَزْرَقُ.	کالی روشنائی/لال/نیلی
خَرِيْطَةٌ	نقشہ
خَرِيْطَةُ الطَّرِيْقِ	روڈ میپ
بَرَّايَةٌ	پنسل تراش
وَرَقُ لَعِبٍ	تاش
أُنْبُوْبَةُ حِبْرٍ جَافٍ	بال پین کا ریفل
شَرِيْطُ الآلَةِ الْكَاتِبَةِ	ٹائپ رائٹر کا ربن
شَرِيْطٌ لاَصِقٌ	(پٹی) چپکانے والا ٹیپ
دَبَابِيْسُ وَ دَبُّوْسٌ	پن
قَلَمُ حِبْرٍ سَائِلٍ	فاؤنٹین پین
صَمْغٌ	گوند
كَمْ قِيْمَةُ هٰذِهِ الأَشْيَاءِ؟	ان سب چیزوں کی کیا قیمت ہے؟
قِيْمَةُ هٰذِهِ الأَشْيَاءِ خَمْسُوْنَ رُوْبِيَةً وَعِشْرُوْنَ بَيْسَةً لاَ غَيْرَ.	ان سب چیزوں کی قیمت صرف پچاس روپے بیس پیسے ہے۔
هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُعْطِيَنِيْ فَاتُوْرَةً.	کیا آپ مجھے بل دے سکتے ہیں؟
هَاهِيَ الْفَاتُوْرَةُ.	یہ لیجئے بل۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شِرَاءُ الأَقْمِشَةِ / کپڑوں کی خریداری

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الأَقْمِشَةِ.
میں کچھ کپڑے خریدنا چاہتا ہوں۔

أَيَّ نَوْعٍ مِنَ الأَقْمِشَةِ تُرِيْدُ؟
آپ کس قسم کا کپڑا چاہتے ہیں؟

هَلْ عِنْدَكَ قُمَاشٌ مُخَطَّطٌ أَخْضَرُ؟
کیا آپ کے پاس ہری دھاری والا کپڑا ہے؟

لِمَنْ تُرِيْدُ هٰذَا الْقُمَاشَ؟
آپ یہ کپڑا کس کے لئے چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ هٰذِهِ الأَقْمِشَةَ لأَطْفَالِيْ.
میں یہ کپڑا اپنے بچوں کے لئے خریدنا چاہتا ہوں۔

بِكَمِ الْمِتْرُ مِنْ هٰذَا الْقُمَاشِ؟
یہ کپڑا کیا میٹر ہے؟

مِتْرٌ بِأَرْبَعِيْنَ رُوْبِيَةً.
چالیس روپے میٹر ہے۔

أُرِيْدُ لَوْناً أَغْمَقَ مِنْ هٰذَا.
میں اس سے گہرا رنگ چاہتا ہوں۔

أَرِنِيْ قُمَاشاً آخَرَ.
مجھے کوئی دوسرا کپڑا دکھایئے۔

أُرِيْدُ لَوْناً أَفْتَحَ مِنْ هٰذَا.
میں اس سے کھلتا ہوا رنگ چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ شَيْئاً يُنَاسِبُ هٰذَا الْقُمَاشَ.
میں اس کپڑے کے میل کی کوئی چیز چاہتا ہوں۔

لاَ يُعْجِبُنِيْ هٰذَا اللَّوْنُ.
مجھے یہ رنگ پسند نہیں آیا۔

أُرِيْدُ قُمَاشاً لِبَدْلَتَيْنِ.
میں دو سوٹ کا کپڑا چاہتا ہوں۔

هَلْ تُرِيْدُ الْقُمَاشَ الْقُطْنِيَّ أَوِ الصُّوْفِيَّ؟
آپ سوتی کپڑا چاہتے ہیں یا اونی؟

أَرِنِيْ بَعْضَ أَنْوَاعِ الأَقْمِشَةِ الصُّوْفِيَّةِ وَالْحَرِيْرِيَّةِ.
کچھ اونی اور ریشمی کپڑوں کی قسمیں دکھایئے۔

لَمْ يُعْجِبْنِيْ هٰذَا الْقُمَاشُ.
یہ کپڑا مجھے پسند نہیں آیا۔

هَلْ عِنْدَكَ نَوْعٌ أَفْضَلُ مِنْ هٰذَا؟
کیا آپ کے پاس اس سے بہتر کوالٹی ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا يَاسَيِّدِي : هٰذَا قُمَاشٌ نَاعِمٌ وَجَيِّدٌ جِدًّا.

نہیں جناب : یہ نرم اور بہت عمدہ کپڑا ہے۔

لَايُمْكِنُ أَنْ تَجِدَ الْقُمَاشَ مِنْ هٰذَا النَّوْعِ فِي السُّوْقِ كُلِّهَا.

اس طرح کا کپڑا آپ کو پورے بازار میں نہیں ملے گا۔

هَلْ عِنْدَكَ قُمَاشٌ مَشْغُوْلٌ بِالْيَدِ؟

کیا آپ کے پاس ہاتھ کا بُنا ہوا کپڑا ہے؟

عِنْدَنَا قُمَاشٌ مِنْ هٰذِهِ الْأَنْوَاعِ.

ہمارے پاس ان اقسام کا کپڑا ہے۔

طَيِّبٌ : إِقْطَعْ لِي عَشَرَةَ أَمْتَارٍ مِنْ هٰذَا.

ٹھیک ہے: اس میں سے مجھے دس میٹر دیدیجئے۔

شِيْفُوْنٌ	شیفون
فَانِلَةٌ	فلانیل
بَوْبَلِيْنٌ	پاپلین
حَرِيْرٌ	ریشم
صُوْفٌ	اون
قُطْنٌ	کاٹن۔سوت
جَبَرْدِيْنٌ	گبرڈین (ایک قسم کا باریک کپڑا)
حَرِيْرٌ صِنَاعِيٌّ	مصنوعی ریشم
مَخْمَلٌ	مخمل

أَلْمَلَابِسُ الرِّجَالِيَّةُ وَالنِّسَائِيَّةُ

مردانہ اور زنانہ ملبوسات

قَمِيْصٌ	قمیص، کرتہ	سُتْرَةٌ مِنَ الصُّوْفِ	اونی صدری
قَمِيْصٌ دَاخِلِيٌّ	بنیان	قَمِيْصٌ بِدُوْنِ أَكْمَامٍ	ٹی شرٹ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سِرْوَالٌ ضَيِّقٌ	چست پاجامہ	بِزَّةٌ	یونیفارم، وردی
قَمِيصُ النَّوْمِ	نائٹ گاؤن	تَنُّورَةٌ	اسکرٹ
بَدْلَةٌ	سوٹ	ذُو كُمَّيْنِ	آستین والا
بُرْقَعٌ	برقع	كُمٌّ (أَكْمَامٌ)	آستین
بِيجَامَةٌ	پاجامہ	فُسْتَانٌ	میکسی
بَنْطَلُونٌ مِنْ قُمَاشِ الْجِينِ	جین کی پتلون	فَانِيلَةٌ	بنیان
		كَنْزَةٌ	جرسی، ڈھیلی صدری
		بِلُورَةٌ	بلاوز
عَبَائَةٌ	چوغہ	رُوبٌ	چوغہ
صَدْرِيَّةٌ	واسکٹ	سِرْوَلَةٌ	پاجامہ
ثَوْبٌ دَاخِلِيٌّ	انڈرویر، جانگھیہ	سَرْوَةٌ	کوٹ
مِعْطَفٌ	اوورکوٹ	مِعْطَفٌ وَاقٍ مِنَ الْمَطَرِ	برساتی
بَطَانِيَّةٌ	کمبل	قُطْنٌ	روئی
ثَوْبٌ	بیرونی لباس	بِطَانَةُ الثَّوْبِ	استر
قُفَّازٌ	موزہ	كَتَّانٌ	ململ
قُبَّعَةٌ	ہیٹ	أَزْرَارٌ	بٹن
قَلَنْسُوَةٌ	ٹوپی	عُرْوَةٌ	کاج
شَالٌ	شال	صُوفٌ	اون
مُضَرَّبَةٌ	رضائی	جَيْبٌ	جیب
		جَوْرَبٌ	موزہ
حَشِيَّةٌ	گدا	زُنَّارٌ	کمربند
مُلَاءَةُ السَّرِيرِ	چادر	ثَنِيَّةُ الْبَنْطَلُونِ	پتلون کا پائنچہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قُمَاشٌ قُطْنِيٌّ مُطَبَّعٌ	چھینٹ	شَرِيطٌ	ربن
يَاقَةٌ	کالر	قُمَاشٌ (أَقْمِشَةٌ)	کپڑا
أَسْوِرَةُ كُمِّ الْقَمِيصِ	کف	قُمَاشٌ مُطَرَّزٌ	کامدانی
قُمَاشُ الْقِنَّبِ	کرمچ	وِشَاحٌ	گلوبند
قُبَّةٌ	کالر	لِفَاعٌ	دوپٹہ
بَرْنِيطَةٌ	ہیٹ	خَيْطٌ (خُيُوطٌ)	دھاگہ
بَابُوجٌ	سلیپر	حَرِيرٌ	ریشم
رِبَاطُ حِذَاءٍ	جوتے کا فیتہ		

أَلْحِلَى وَالْمُجَوْهَرَاتُ / زیورات اور گہنے

خَاتَمٌ	انگوٹھی	عِصَابَةٌ لِرَأْسِ الْمَرْأَةِ مُرَصَّعَةٌ بِالْجَوَاهِرِ	تاج، کلٹ
قُرْطٌ	بندا، جھمکا	عِقْدٌ	ہار، مالا
قِلَادَةٌ	چمپاکلی	ذَهَبٌ	سونا
سِوَارٌ (أَسْوِرَةٌ)	چوڑیاں	فِضَّةٌ	چاندی
حَلْقَةُ الأَنْفِ	نتھ	يَاقُوتٌ	لال پتھر
إِكْلِيلُ زُهُورٍ	پھول مالا	لُؤْلُؤَةٌ	موتی
سِوَارٌ لأَعْلَى الذِّرَاعِ	بازوبند	أَلْمَرْجَانُ	مونگا
أُمُّ اللَّآلِي	موتی کی سیپ	سِوَارُ الْمِعْصَمِ	پہنچی / کنگن
أَلْمَاسٌ	ہیرا	سِوَارُ الرِّجْلِ	پازیب
أَلْمَرْوُ	بلور	خَلْخَالٌ لِلْقَدَمِ	پازیب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زَمُرُّدٌ	پنا	مُدَلَّاةُ الرَّأْسِ	ٹیکہ
الزَّرْكُوْنُ	زرکن	حَلَقٌ	بندا
دَبُّوْسُ شَعْرٍ	بالوں کی پن	سِلْسِلَةٌ ذَهَبِيَّةٌ	سونے کی چین
دَبُّوْسٌ زِيْنِيٌّ	جگنی	عُلْبَةُ تَجْمِيْلٍ	سنگھاردان / میک اپ بوکس
طِلَاءُ أَظَافِرَ	نیل پالش	رَائِحَةٌ عِطْرِيَّةٌ	خوشبو
مُسْتَحْضَرٌ لِتَجْمِيْلِ الرَّمُوْشِ	کاجل	كَرِيْمٌ لِلْوَجْهِ	چہرے کی کریم
	أَحْمَرُ الشِّفَاهِ	لپ اسٹک	

أَشْيَاءٌ يَسْتَعْمِلُهَا الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ

عورتوں اور مردوں کے استعمال کی اشیاء

مِنْدِيْلٌ	رومال	مِفْتَاحٌ	کنجی / چابی
مِنْشَفَةٌ	تولیہ	مَعْجُوْنُ أَسْنَانٍ	ٹوتھ پیسٹ
جَوَارِبُ	جرابیں	فُرْشَاةُ أَسْنَانٍ	ٹوتھ برش
جَوَارِبُ حَرِيْرٍ	ریشمی جرابیں	صَابُوْنٌ	صابن
جَوَارِبُ قُطْنٍ	سوتی جرابیں	فُرْشَاةٌ	برش
أَحْذِيَةٌ	جوتے	مُشْطٌ	کنگھی
كُفُوْفٌ	دستانے	فُرْشَاةُ أَظَافِرَ	نیل برش
مِحْفَظَةٌ	پرس، بٹوا	إِبْرَةٌ	سوئی
كِيْسٌ	تھیلا، بیگ	زَيْتُ شَعْرٍ	ہیئر آئل

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شَمْسِيَّةٌ	چھتری	دِهَانٌ لِلشَّعْرِ	ہیئر ٹانک
نَظَّارَةٌ	عینک	مِبْرَدُ أَظَافِرَ	ناخن تراش
سَاعَةٌ	گھڑی	سَاعَةُ يَدٍ	گھڑی
سِلْسِلَةٌ	زنجیر، چین	حِزَامُ السَّاعَةِ	گھڑی کا تسمہ / پٹہ

فِي مَحَلِّ الخَيَّاطِ / درزی کی دکان پر

أُرِيْدُ أَنْ تَخِيْطَ لِيْ بَدْلَتَيْنِ. — میں آپ سے دو سوٹ سلوانا چاہتا ہوں۔

كَمْ مِتْراً يَكْفِي لِبَدْلَةٍ؟ — ایک سوٹ میں کتنے میٹر کپڑا لگے گا؟

خَمْسَةُ أَمْتَارٍ. — پانچ میٹر۔

هَلْ يُمْكِنُ أَنْ تَقِيْسَ لِيْ؟ — کیا آپ میرا ناپ لے سکتے ہیں؟

هَلْ تَعْرِفُ مَقَاسِيْ؟ — کیا آپ کو میرا ناپ معلوم ہے؟

لَا أَعْرِفُ مَقَاسَكَ. — مجھے آپ کا ناپ معلوم نہیں۔

عَلَيْكَ أَنْ تَقِيْسَ لِيْ الآن. — اب آپ میرا ناپ لے لیجئے۔

مَتَى سَتَكُوْنُ هٰذِهِ الْبَدْلَةُ جَاهِزَةً؟ — یہ سوٹ کب تیار ہو جائے گا؟

سَأُحَاوِلُ أَنْ أُجَهِّزَهَا خِلَالَ أُسْبُوْعٍ. — میں اس کو ایک ہفتہ میں تیار کرنے کی کوشش کروں گا۔

هَلْ تُوْجَدُ عِنْدَكَ مِرْآةٌ؟ — کیا آپ کے پاس شیشہ ہے؟

اَلْمَقَاسُ مَضْبُوْطٌ جِدًّا. — ناپ بالکل فٹ ہے۔

إِنَّهُ قَصِيْرٌ جِدًّا. — یہ بہت چھوٹا ہے۔

إِنَّهُ طَوِيْلٌ جِدًّا. — یہ بہت لمبا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إِنَّهُ ضَيِّقٌ جِدًّا.	یہ بہت تنگ ہے۔
إِنَّهُ وَاسِعٌ جِدًّا	یہ بہت چوڑا (کشادہ) ہے۔
هَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تُصْلِحَ هٰذَا؟	کیا آپ اس کو ٹھیک کر سکتے ہیں؟
مَتَى يَنْتَهِي هٰذَا التَّصْلِيحُ؟	ٹھیک کرنے میں کتنا وقت لگے گا؟
هَلْ تَسْتَطِيعُ أَنْ تَخِيطَ لِي قَمِيصاً وَسِرْوَالاً؟	کیا آپ میرا ایک کرتا اور ایک پاجامہ سی سکتے ہیں؟

أَلْخِيَاطَةُ / سلائی

مَاكِينَةُ خِيَاطَةٍ	سلائی مشین	دَبُّوسٌ	پن
شَرِيطٌ	فیتہ	زِرٌّ	بٹن
لَفْقَةٌ	سیون	عُرْوَةٌ	کاج
حَاشِيَةُ الثَّوْبِ	کپڑے کا کنارہ، جھالر	غُرْزَةٌ	ٹانکا
كُشْتُبَانٌ	انگشتانہ	قُطْبَةٌ	ٹانکا، سلائی
إِبْرَةٌ	سوئی	إِبْرَةُ حِيَاكَةٍ	سلائی کی سوئی
مَطَّاطٌ	دھاگے کی ریل	شُغْلُ الإِبْرَةِ	بنائی
شَرِيطٌ لِلزِّينَةِ	بیل، گوٹا کناری	مِحْبَسٌ، مُنْزَلِقٌ	زپ
دَبُّوسُ أَمَانٍ	سیفٹی پن	شَرِيطُ الْقِيَاسِ	پیمائشی فیتہ
طَيَّةٌ	چٹ	مِقَصٌّ	قینچی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي صَالُوْنِ الحِلاَقَةِ / نائی کی دکان پر

أَيْنَ صَالُوْنَ الْحِلاَقَةِ؟ نائی کی دکان کہاں ہے؟

صَالُوْنُ الْحِلاَقَةِ فِي السُّوْقِ. نائی کی دکان بازار میں ہے۔

تَفَضَّلْ يَا سَيِّدِي. تشریف لایئے جناب

أَيُّ خِدْمَةٍ لِي. میرے لائق کوئی خدمت؟

هَلْ تُرِيْدُ أَنْ أَقُصَّ الشَّعْرَ أَوْ أَحْلِقَ الذَّقَنَ؟ آپ بال کٹوانا چاہتے ہیں یا شیو بنوانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ قَصَّ الشَّعْرِ. میں بال کٹوانا چاہتا ہوں۔

لاَ تَقُصَّهُ قَصِيْراً جِدًّا. زیادہ چھوٹے مت کیجئے۔

إِسْتَعْمِلِ الْمِقَصَّ فَقَطْ. صرف قینچی استعمال کیجئے۔

لاَ تَسْتَعْمِلِ الْمَاكِيْنَةَ. مشین استعمال مت کیجئے۔

هَلْ أَمْشُطُ الشَّعْرَ أَمْ لاَ؟ بالوں میں کنگھا کروں یا نہیں؟

نَعَمْ أَمْشُطْهُ إِلَى فَوْقَ. ہاں اوپر کی جانب کنگھا کیجئے۔

قَصِّرِ الشَّعْرَ مِنَ الْجَانِبَيْنِ. بالوں کو دونوں جانب سے چھوٹا کیجئے۔

لاَ تَقُصَّ مِنْ أَعْلَى. اوپر سے نہ کاٹئے۔

أُرِيْدُ أَنْ تَصْبَغَ شَعْرِي. میں بالوں کو رنگوانا (ڈائی کرانا) چاہتا ہوں۔

هَلْ أَنْتَ عَادَةً تَحْلِقُ بِنَفْسِكَ أَمْ تَذْهَبُ دَائِماً إِلَى الْحَلاَّقِ؟ کیا آپ عام طور سے خود شیو بناتے ہیں یا ہمیشہ نائی کے پاس جاتے ہیں؟

عَادَةً أَحْلِقُ بِنَفْسِي. میں عام طور سے خود شیو بناتا ہوں۔

وَفِي بَعْضِ الأَحْيَانِ أَذْهَبُ إِلَى الْحَلاَّقِ. اور بعض اوقات نائی کے پاس جاتا ہوں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَاذَا تَسْتَعْمِلُ عِنْدَمَا تَحْلِقُ بِنَفْسِكَ؟ — آپ جب خود شیو بناتے ہیں تو کیا استعمال کرتے ہیں؟

أَسْتَعْمِلُ الشَّفْرَةَ، وَالْفُرْشَةَ، وَالْكِرِيْمَ. — میں بلیڈ، برش اور کریم استعمال کرتا ہوں۔

أَيَّ زَيْتٍ تَسْتَعْمِلُ؟ — آپ کونسا تیل استعمال کرتے ہیں؟

أَسْتَعْمِلُ زَيْتَ الشَّعْرِ. — میں ہیر آئل استعمال کرتا ہوں۔

فِي الْمَلْحَمَةِ / گوشت کی دکان پر

أَيْنَ الْمَلْحَمَةُ فِيْ هٰذَا الْحَيِّ؟ — اس محلہ میں گوشت کی دکان کہاں ہے؟

لَا تُوْجَدُ الْمَلْحَمَةُ فِيْ هٰذَا الْحَيِّ. — اس محلہ میں گوشت کی دکان نہیں ہے۔

إِذَنْ ، مِنْ أَيْنَ أَشْتَرِيْ اللَّحْمَ؟ — پھر میں گوشت کہاں سے خریدوں؟

اَلْمَلْحَمَةُ بِالْقُرْبِ مِنَ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ. — گوشت کی دکان جامع مسجد کے قریب ہے۔

هَلِ الْمَلْحَمَةُ مَعْرُوْفَةٌ؟ — کیا گوشت کی دکان مشہور ہے؟

هَلْ يُوْجَدُ عِنْدَكُمْ لَحْمٌ جَيِّدٌ؟ — کیا تمہارے پاس عمدہ گوشت ملتا ہے؟

نَعَمْ يَا سَيِّدِيْ : هُنَا لَحْمٌ جَيِّدٌ لِلْخَرُوْفِ. — جی ہاں! جناب ، ہمارے پاس عمدہ بکرے کا گوشت ملتا ہے۔

هَاتِ كِيْلُوْ مِنْ لَحْمِ الْخَرُوْفِ. — مجھے ایک کلو بکرے کا گوشت دو۔

ضَعِ اللَّحْمَ فِي الْكِيْسِ وَهَاتِ كِيْلُوْ مِنَ اللَّحْمِ الْمَفْرُوْمِ. — گوشت کو تھیلی میں رکھ دو اور ایک کلو قیمہ دیدو۔

كَمْ ثَمَناً أَدْفَعُ لَكَ؟ — کتنی قیمت ادا کروں؟

خَمْسِيْنَ رُوْبِيَةً. — پچاس روپے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي مَحَلِّ الأَحْذِيَةِ / جوتوں کی دکان پر

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ الأَحْذِيَةَ. میں جوتے خریدنا چاہتا ہوں۔

أَيَّ نَوْعٍ مِنَ الأَحْذِيَةِ تُرِيْدُ أَنْ تَشْتَرِيَ؟ آپ کون سے جوتے خریدنا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ حِذَاءً عَالِيَ السَّاقِ. میں بوٹ خریدنا چاہتا ہوں۔

هٰذَا الْحِذَاءُ ضَيِّقٌ جِدًّا. یہ جوتا بہت تنگ ہے۔

هَلْ عِنْدَكَ مَقَاسٌ أَكْبَرُ مِنْ هٰذَا؟ کیا آپ کے پاس اس سے بڑا سائز ہے؟

هٰذَا كَبِيْرٌ. یہ بڑا ہے۔

أُرِيْدُ مَقَاسًا أَصْغَرَ مِنْهُ. میں اس سے چھوٹا سائز چاہتا ہوں۔

هَلْ عِنْدَكَ حِذَاءٌ مِنْ لَوْنٍ أَسْوَدَ/أَبْيَضَ؟ کیا آپکے پاس کالے رنگ کا جوتا ہے/سفید رنگ کا جوتا ہے؟

هَلْ يُمْكِنُكَ إِصْلَاحُ هٰذَا الْحِذَاءِ؟ کیا آپ اس جوتے کی مرمت کر سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَخِيْطَ لِيْ هٰذَا؟ کیا آپ اسکو سی سکتے ہیں؟

أُرِيْدُ نَعْلًا وَ كَعْبًا جَدِيْدَيْنِ. میں نیا سول اور نئی ایڑی چاہتا ہوں۔

مَتَى سَيَكُوْنُ جَاهِزًا؟ یہ کب تیار ہوگا؟

يُمْكِنُ لَكَ أَنْ تَأْخُذَ هٰذَا فِي الْمَسَاءِ. آپ اس کو شام کو لے سکتے ہیں۔

فِي الْمَغْسَلَةِ / لانڈری میں

أَيْنَ أَقْرَبُ مَغْسَلَةٍ؟ قریب ترین لانڈری کہاں ہے؟

أَيْنَ مَحَلُّ تَنْظِيْفٍ بِالنَّاشِفِ؟ ڈرائی کلینرز کی دکان کہاں ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لِمَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى مَحَلِّ تَنْظِيْفٍ؟ ڈرائی کلینر کی دکان پر کیوں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ تَنْظِيْفَ هٰذِهِ الْمَلاَبِسِ. میں یہ کپڑے ڈرائی کلین کرانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ غَسِيْلَ هٰذِهِ الْمَلاَبِسِ. میں یہ کپڑے دھلوانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ كَيَّ هٰذِهِ الْمَلاَبِسِ. میں ان کپڑوں پر پریس (استری) کرانا چاہتا ہوں۔

مَتَى سَتَكُوْنُ هٰذِهِ الْمَلاَبِسُ جَاهِزَةً؟ یہ کپڑے کب تیار ہو جائیں گے؟

مَتَى تُرِيْدُهَا؟ آپ کب چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُهَا الْيَوْمَ. میں آج چاہتا ہوں۔

لاَ تَكُوْنُ هٰذِهِ الْمَلاَبِسُ جَاهِزَةً قَبْلَ يَوْمِ الْخَمِيْسِ. یہ کپڑے جمعرات سے پہلے تیار نہیں ہوں گے۔

هَلْ يُمْكِنُ أَنْ تَرْفُوَ هٰذَا الْقَمِيْصَ؟ کیا آپ اس قمیص کو رفو لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ تَرْقِيْعُ هٰذَا؟ کیا آپ اسمیں پیوند لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تَخِيْطَ لِيْ هٰذَا الزِّرَّ؟ کیا آپ یہ بٹن لگا سکتے ہیں؟

هَلْ يُمْكِنُكَ أَنْ تُزِيْلَ هٰذِهِ الْبُقْعَةَ؟ کیا آپ اس دھبہ کو دور کر سکتے ہیں۔

هٰذَا لَيْسَ مِلْكِيْ. یہ میرا نہیں ہے۔

تَنْقُصُ قِطْعَةٌ. ایک پیس کم ہے۔

يُوْجَدُ ثَقْبٌ فِيْ هٰذَا. اسمیں ایک سوراخ ہے۔

هَلْ غَسِيْلِيْ جَاهِزٌ؟ کیا میرے دھلے ہوئے کپڑے تیار ہیں؟

كَمْ أَدْفَعُ لَكَ؟ کیا ادا کروں؟

عِشْرِيْنَ رُوْبِيَةً. بیس روپے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي مَحَلِّ السَّاعَاتِ / گھڑیوں کی دکان پر

أَيْنَ مَحَلُّ السَّاعَاتِ؟ گھڑیوں کی دکان کہاں ہے؟

لِمَاذَا تُرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ إِلَى مَحَلِّ السَّاعَاتِ؟ آپ گھڑیوں کی دکان پر کیوں جانا چاہتے ہیں؟

أُرِيْدُ تَصْلِيْحَ هٰذِهِ السَّاعَةِ. میں یہ گھڑی ٹھیک کرنا چاہتا ہوں۔

هَلْ يُمْكِنُكَ تَصْلِيْحُ هٰذِهِ السَّاعَةِ؟ کیا آپ یہ گھڑی ٹھیک کر سکتے ہیں؟

اَلزُّجَاجُ مَكْسُوْرٌ. شیشہ ٹوٹا ہوا ہے۔

اِنْكَسَرَ الزُّنْبُرُكُ. اسپرنگ ٹوٹ گیا۔

اَلْمِسْمَارُ مَكْسُوْرٌ. چابی ٹوٹی ہوئی ہے۔

أُرِيْدُ تَنْظِيْفَ هٰذِهِ السَّاعَةِ؟ میں اس گھڑی کی صفائی کرانا چاہتا ہوں.

أُرِيْدُ هَدِيَّةً صَغِيْرَةً لِصَدِيْقِي. میں اپنے دوست کے لئے ایک چھوٹا سا تحفہ چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ شِرَاءَ سَاعَةٍ جَيِّدَةٍ بِسِعْرٍ مُعْتَدِلٍ. میں درمیانی قیمت کی ایک اچھی سی گھڑی خریدنا چاہتا ہوں۔

بِكُلِّ سُرُوْرٍ هَلْ رَأَيْتَ التَّشْكِيْلَةَ فِيْ وَاجِهَةِ الْعَرْضِ. بڑی خوشی سے، کیا آپ نے شوکیس میں ڈیزائن دیکھ لیا؟

هَلْ أَسْتَطِيْعُ رُؤْيَةَ تِلْكَ السَّاعَةِ؟ کیا میں وہ گھڑی دیکھ سکتا ہوں؟

هَلْ هِيَ مَكْفُوْلَةٌ؟ کیا اس کی گارنٹی ہے؟

نَعَمْ : أَكْفُلُهَا لِمُدَّةِ سَنَتَيْنِ. جی ہاں: میں اسکی دو سال کی گارنٹی دیتا ہوں.

كَمْ ثَمَنُهَا؟ اس کی کیا قیمت ہے؟

مَا أَغْلَاهَا! أَلَيْسَتْ بَاهِظَةَ الثَّمَنِ؟ اتنی مہنگی! کیا یہ قیمت زیادہ نہیں ہے؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لا أُرِيدُ شَيْئاً غَالِياً. مجھے کوئی مہنگی چیز نہیں چاہئے۔

أُرِيدُ سَاعَةً مُنَبِّهَةً. مجھے ایک ٹائم پیس چاہئے۔

كَمْ ثَمَنُهَا؟ اس کی کیا قیمت ہے؟

ثَمَنُهَا خَمْسُمِائَةِ رُوبِيَّةٍ. اس کی قیمت پانچ سو روپے ہے۔

حَسَناً: أَنَا أَشْتَرِيهَا. ٹھیک ہے۔ میں اس کو خرید لیتا ہوں۔

إِلَيْكَ بِالإِيصَالِ وَبِطَاقَةِ الْكِفَالَةِ. یہ رہی آپ کی رسید اور گارنٹی کارڈ۔

عِنْدِي أَيْضاً نُخْبَةٌ حَدِيثَةٌ مِنْ سَاعَاتِ الْحَائِطِ. میرے یہاں دیوار گھڑیوں کا نیا اسٹاک بھی ہے۔

إِنَّنِي بِحَاجَةٍ فَقَطْ إِلَى سَاعَةٍ مُنَبِّهَةٍ. مجھے تو صرف ایک ٹائم پیس کی ضرورت ہے۔

أَلْقِ نَظْرَةً عَلَى هٰذِهِ السَّاعَاتِ أَيْضاً. ان گھڑیوں پر بھی ایک نظر ڈال لیجئے۔

أَنَا مُتَأَكِّدٌ مِنْ أَنَّهَا سَتُعْجِبُكَ. مجھے یقین ہے کہ یہ آپ کو پسند آئیں گی۔

لَنْ تَدْفَعَ لَهَا أَكْثَرَ مِنْ خَمْسُمِائَةِ رُوبِيَّةٍ. اس کے لئے آپ کو پانچ سو روپے سے زائد نہیں دینے پڑیں گے۔

حَسَناً: آخُذُهَا أَيْضاً. ٹھیک ہے؛ میں یہ بھی لے لیتا ہوں۔

أَرْغَبُ فِي تَصْلِيحِ سَاعَتِي الْقَدِيمَةِ. میں اپنی پرانی گھڑی ٹھیک کرانا چاہتا ہوں۔

دَعْنِي أَفْحَصْهَا مِنْ فَضْلِكَ. ذرا میں اس کو چیک کرلوں۔

الزُّنْبُرُكُ الرَّئِيسِيُّ مَكْسُورٌ. بڑا اسپرنگ ٹوٹا ہوا ہے۔

الرَّقَّاصُ فِي حَاجَةٍ إِلَى ضَبْطِهِ. پینڈولم کو ٹھیک کرنے کی ضرورت۔

مَتَى سَتَكُونُ السَّاعَةُ جَاهِزَةً؟ گھڑی کب تیار ہو جائے گی؟

إِذَا عُدْتَ بَعْدَ خَمْسَةِ أَيَّامٍ فَسَوْفَ تَجِدُهَا جَاهِزَةً. اگر آپ پانچ روز کے بعد آئیں گے تو گھڑی آپ کو تیار ملے گی۔

وَهُوَ كَذٰلِكَ. ٹھیک ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فِي مَحَلِّ أَدَوَاتٍ كَهْرَبَائِيَّةٍ وَإِلَكْتُرُونِيَّةٍ

الیکٹرونک اور بجلی کے سامان کی دکان پر

هَلْ يُوجَدُ فِي هٰذَا السُّوقِ مَحَلٌّ لِأَدَوَاتٍ كَهْرَبَائِيَّةٍ وَإِلَكْتُرُونِيَّةٍ؟

کیا اس بازار میں الیکٹرونک اور بجلی کے سامان کی کوئی دکان ہے؟

أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ فِيدِيُو وَكَامِيرَا.

میں ویڈیو اور کیمرا خریدنا چاہتا ہوں۔

أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ رَادِيُو، تَرَانْزِيسْتُور وَمُسَجِّلاً وَمِكْوَاةً.

میں ایک ریڈیو، ایک ٹرانسسٹر، ایک ٹیپ ریکارڈر اور ایک استری خریدنا چاہتا ہوں۔

هَلْ عِنْدَكَ قُدُورُ الضَّغْطِ؟

کیا آپ کے پاس پریشر کوکر ہیں؟

أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ قِدْرَ ضَغْطٍ صَغِيرٍ.

